صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ

ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 46 | 10 تا 16 نومبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

انڈس واٹرز ٹریٹی معاہدہ بحال کیا جائے، پاکستان کا اقوام متحدہ میں مطالبہ

پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کونسل کے 15 رکن ممالک کے سامنے کہا کہ بھارت کا یہ اقدام نہ صرف پاکستان کے لیے خطرہ ہے بلکہ پانی کے بین الاقوامی قوانین پر اعتماد کو بھی نقصان پہنچاتا ہے

بھارت نے رواں سال اپریل میں پہلگام واقعے کے بعد عالمی بینک کے ثالثی کردہ اس معاہدے کو معطل کیا، جو انڈس بیسن کی 6 ندیوں کے پانی کی تقسیم کے حوالے سے دونوں ممالک کے درمیان طے پایا تھا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سینئر سفارتکار نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کی جانب سے 1960 کے انڈس واٹرز ٹریٹی (آئی ڈبلیو ٹی) کی ایک طرفہ معطلی پر شدید تحفظات کا اظہار کیا اور نیو دہلی سے معاہدے کی پابندی کی فوری بحالی کا مطالبہ کیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کونسل کے 15 رکن ممالک کے سامنے کہا کہ بھارت کا یہ اقدام نہ صرف پاکستان کے لیے خطرہ ہے بلکہ بین الاقوامی پانی کے قوانین پر اعتماد کو بھی نقصان پہنچاتا ہے اور وسائل کی بنیاد پر دیگر ممالک پر دباؤ ڈالنے کا خطرناک معیار قائم کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت نے رواں سال اپریل میں پہلگام واقعے کے بعد عالمی بینک کے ثالثی کردہ اس معاہدے کو معطل کیا، جو انڈس بیسن کی 6 ندیوں کے پانی کی تقسیم کے حوالے سے دونوں ممالک کے درمیان طے پایا تھا پاکستانی سفیر نے اسے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

اکتوبر میں بیرونِ ملک سے ترسیلاتِ زر کا حجم 3.4 ارب ڈالر رہا

سالانہ تقریباً 12 فیصد اضافہ ہوا جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 3.1 ارب ڈالر تھیں

رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران ترسیلاتِ زر کا مجموعی حجم 12.9 ارب ڈالر رہا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلاتِ زر کا حجم اکتوبر 2025 میں 3.4 ارب ڈالر رہا۔ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق ترسیلاتِ زر میں سالانہ تقریباً 12 فیصد اضافہ ہوا جو گزشتہ سال کی اسی مدت میں 3.1 ارب ڈالر تھیں۔ ماہانہ ترسیلات میں 7 فیصد سے زائد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جو ستمبر میں 3.2 ارب ڈالر تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران ترسیلاتِ زر کا مجموعی حجم 12.9 ارب ڈالر رہا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 11.9 ارب ڈالر تھا، اس طرح ترسیلات میں 9.3 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ترسیلاتِ زر ملک کے بیرونی کھاتوں کو سہارا دینے، پاکستان کی معاشی سرگرمیوں کو متحرک رکھنے اور ترسیلات پر انحصار کرنے والے گھرانوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

باکو: آذربائیجان کے قومی دن کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف خطاب کررہے ہیں

275 ارب کا ٹیکس خسارہ، نئے ٹیکس اقدامات کا کوئی منصوبہ نہیں، چیئرمین FBR

ٹیکس کمپلائنس میں بہتری اور ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو وسیع کرنا محصولات میں پائیدار اضافے کے لیے ناگزیر ہے

ایف بی آر نے پہلی مرتبہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح میں 1.5 فیصد اضافہ کیا ہے، جو ادارہ جاتی ہم آہنگی اور بہتر کمپلائنس اقدامات کا نتیجہ ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال نے مالی سال 2025-26 کے ابتدائی چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) کے دوران 275 ارب روپے کے محصولات کے خسارے کے باوجود نئے ٹیکس اقدامات کے لیے کسی ہنگامی منصوبے کی ضرورت کو مسترد کر دیا ہے۔ ایف بی آر ہیڈ کوارٹرز میں اقتصادی اصلاحات پر منعقدہ ایک بریفنگ کے دوران چیئرمین نے اعتراف کیا کہ رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں محصولات میں 275 ارب روپے کا خسارہ ہوا ہے، تاہم انہوں نے واضح کیا کہ اس سال کوئی ہنگامی ٹیکس اقدامات متعارف نہیں کرائے جائیں گے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ گزشتہ سال بھی کہا تھا کہ کوئی ہنگامی ٹیکس نہیں لگایا جائے گا اور یہی طرزِ عمل موجودہ مالی سال میں بھی برقرار رہے گا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

ای سی سی گردشی قرضوں کی فنانسنگ کیلئے 659.65 ارب روپے کی حکومتی ضمانت منظور

پاور ڈویژن کی ایک اور سمری پر بھی غور کیا گیا جو ایٹمی بجلی گھروں (این پی پیز)، سرکاری پاور پلانٹس (جی پی پیز)، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) اور سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کے نرخوں میں بہتری اور ادائیگیوں کی تنظیمِ نو سے متعلق تھی

79 ارب روپے کے اضافے کو مکمل تناظر میں دیکھا جانا چاہیے، کیونکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں گردشی قرض میں 73 ارب روپے کا اضافہ ہوا تھا، تاہم سال کے اختتام تک مجموعی قرض 780 ارب روپے کم کر دیا گیا تھا کہ گردشی قرض آئندہ چھ سال میں صفر تک لایا جائے گا، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے ڈویژن کی جانب سے پیش کی گئی سمری منظور کرتے ہوئے 1.225 کھرب روپے کے گردشی قرضوں کی فنانسنگ کے لیے 659.646 ارب روپے کی حکومتی ضمانت جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق یہ ضمانت پاور ہولڈنگ لمیٹڈ (پی ایچ ایل) کے قرضوں اور نجی بجلی گھروں (آئی پی پیز) کے واجبات کی ادائیگی کے لیے دی جائے گی۔ ای سی سی نے وزارتِ خزانہ کو اس ضمن میں لیٹر آف کمفرٹ جاری کرنے کی بھی اجازت دے دی۔ اجلاس میں پاور ڈویژن کو ہدایت کی گئی کہ قرضوں کی ادائیگی کے بعد پی ایچ ایل کی بندش کے لیے ٹائم فریم سے متعلق رپورٹ پیش کی جائے۔ یہ فیصلہ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

صومالی قزاقوں نے بھارتی تیل بردار جہاز قبضے میں لے لیا

اسی راستے سے عالمی مارکیٹ تک انتہائی اہم پیٹرولیم مصنوعات کی ترسیل ہوتی ہے

جہاز کے عملے کے تمام 24 ارکان محفوظ ہیں اور ہمارا ان کے ساتھ قریبی رابطہ ہے، حکام

صومالیہ (مانیٹرنگ ڈیسک) میں قزاقوں نے بھارت سے جنوبی افریقہ جانے والا مغربی ملک مالٹا کا تیل بردار جہاز حملے کے بعد قبضے میں لے لیا تاہم جہاز کے منیجر نے بتایا کہ عملے کے 24 ارکان محفوظ ہیں۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق ہیلاس ایفروڈائٹ نامی جہاز کے یونانی منیجر لیمسکو میرین نے بتایا کہ جہاز بھارت سے جنوبی افریقہ جا رہا تھا اور راستے جمعرات کی صبح واقعہ پیش (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

پاکستان پیپلز پارٹی نے این ایف سی ایوارڈ میں تبدیلیاں مسترد کر دیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی (سی ای سی) نے قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ کے فارمولے میں تجویز کردہ تبدیلیوں کو سختی سے مسترد کر دیا۔ سینیٹ کے چیئرمین یوسف رضا گیلانی اور دیگر پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

حکومت چینی اور گندم کے شعبوں میں ڈی ریگولیشن کی جانب بڑھ رہی ہے

آئندہ مالی سال کا بجٹ ایف بی آر نہیں بلکہ ٹیکس پالیسی آفس تیار کرے گا، وزیر خزانہ

ٹیکس اصلاحات کاروباری برادری سے مشاورت کے ساتھ عمل میں لائی جارہی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت چینی اور گندم کے شعبوں میں ڈی ریگولیشن کی جانب بڑھ رہی ہے اور اس عمل میں پوری ویلیو چین سے حکومت کا انخلا لازمی ہے۔ یہ بات انہوں نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے اراکین سے خطاب کے دوران کہی۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ ٹیکس پالیسی کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر

یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں

اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں

SUBSCRIBE NOW

TIJARAT NEWS بہتر، پیشکل

YouTube

info@tijaratnews.tv 0307-0610770

گڈانی شپ ری سائیکلنگ یارڈ کیلئے 12 ارب کی سرمایہ کاری

پاکستان کا پہلا گرین شپ ریپئر اور ری سائیکلنگ یارڈ، ''سی ٹو اسٹیل انٹیگریٹڈ میری ٹائم انڈسٹریل کمپلیکس'' کے تحت پورٹ قاسم پر قائم کیا جائے گا

2026 تک بحری بیڑا 30 جہازوں تک بڑھانے اور اگلے تین سال میں 60 تک وسعت دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے اپنے سمندری شعبے میں ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے پورٹ قاسم پر ملک کی پہلی گرین شپ ریپئر اور ری سائیکلنگ یارڈ قائم کرنے اور گڈانی شپ ری سائیکلنگ یارڈ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے 12 ارب روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے یہ اعلان پاکستان میری ٹائم ویک کے دوران منعقدہ پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایگزیبیشن اینڈ کانفرنس 2025 (پی آئی ایم ای سی) کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کا پہلا گرین شپ ریپئر اور ری سائیکلنگ یارڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

تجارت نیوز ڈی پی پی پر قابض مافیا کے خلاف تاریخی کارروائی ایک بار پھر سرخرو

ڈاکٹر باسط ڈائریکٹر قرنطینہ، ڈائریکٹر رجسٹریشن اور ڈائریکٹر لوکسٹ (ٹڈی دل) جیسے گریڈ 19 کے تین اہم عہدوں کے بیک وقت چارج سنبھالے ہوئے تھے

40 ارب روپے مالیت کے جینیاتی طور پر تبدیل شدہ تیل دار بیجوں اور 37 ارب روپے کی روئی کے 2,500 کنسائنمنٹس، بغیر فیومیگیشن کلیئر کیے گئے

کراچی (کامرس رپورٹر) ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن پر قابض ناقابل یقین حد تک بااثر اور رشوت خوری کے ذریعے انفرادی طور پر اربوں نہیں کھربوں پتی ہو جانے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف سنسنی خیز انکشافات پر مبنی پہلی رپورٹ چلانے کے بعد ہی حرام کی دولت کے نشے میں چور فرعون صفت بیوروکریسی اور ان کے زرخرید غلاموں نے اس سلسلے کو رکوانے کے لیے رشوت کی پیشکش، جان سے مار دینے کی دھمکیوں، موبائل فون اور واٹس ایپ نمبرز بیک کرنے تک ہر ممکن حربہ آزمایا۔ تاہم رب کائنات کے بے شمار رحم و کرم، اپنے غیر متزلزل عزم، کاروباری و تجارتی حلقوں اور عوام میں بے پناہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

کسٹم کی بائی پاس پر کارروائی، 42 ہزار لیٹر اسمگل ڈیزل برآمد

ضبط شدہ ایندھن کو محفوظ رکھنے کے لیے کسٹمز اسٹیٹ ویئر ہاؤس، کورنگی منتقل کر دیا گیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) کلیکٹوریٹ آف کسٹم انفورسمنٹ کراچی نے شمالی بائی پاس کے قریب ایک کامیاب کارروائی کے دوران 42,200 لیٹر سے زائد اسمگل شدہ ایرانی ڈیزل ضبط کر لیا جس کی مالیت 12 ملین روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کسٹمز کی ٹیموں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

ایف بی آر کے تمام دفاتر میں خصوصی سیل قائم کر دیے گئے

اُن ٹیکس دہندگان کو قانونی اور تکنیکی معاونت فراہم کریں گے جو پہلے مینول انکم ٹیکس ریٹرن جمع کراتے تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ان تمام ٹیکس دفاتر میں خصوصی سیل قائم کر دیے ہیں جو اُن ٹیکس دہندگان کو قانونی اور تکنیکی معاونت فراہم کریں گے جو پہلے مینول انکم ٹیکس ریٹرن جمع کراتے تھے۔ ایف بی آر نے اعلان کیا کہ مینول ریٹرن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

اوورسیز پاکستانیوں نے 3.4 ارب ڈالر پاکستان بھیجے، وزیراعظم کا اظہارِ تشکر

ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال بنیادوں پر بالترتیب 7.4 اور 11.9 فیصد اضافہ ہوا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اکتوبر 2025ء کے دوران اوورسیز پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلاتِ زر کی مد میں 3.4 ارب ڈالر وطن ارسال کیے گئے، نمو کے لحاظ سے ترسیلاتِ زر میں ماہ بہ ماہ اور سال بہ سال بنیادوں پر بالترتیب 7.4 اور 11.9 فیصد اضافہ ہوا۔ اسٹیٹ بینک آف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

کم عمر افراد کے لیے ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولنے کی گائیڈ لائنز جاری

یہ اقدام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی رہنمائی میں تیار کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج نے نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ اور سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے ساتھ مل کر 18 سال سے کم عمر افراد کے لیے ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولنے کی گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ یہ اقدام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

ڈھاکا: چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد کو آرمی ہیڈ کوارٹرز آمد پر بنگلہ دیشی آرمی چیف جنرل وقار الزمان سوینئر پیش کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ایران کو اقتصادی ترقی اور تجارت میں تعاون کی پیشکش

ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف وفد کے ہمراہ اسلام آباد میں وزیراعظم سے ملاقات کے لیے آئے جہاں وزیراعظم نے انہیں گرم جوشی سے خوش آمدید کہا

دونوں ممالک کے درمیان تمام زیرالتواء تنازعات کے حل کے لیے پرامن مذاکرات اور سفارت کاری کے راستے اختیار کرنے کے عزم کو دہرایا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ایران کو اقتصادی ترقی اور دوطرفہ تجارت کیلئے تعاون کی پیشکش کی۔ یہ بات وزیراعظم آفس (پی ایم او) نے ایک بیان میں کہی۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر ڈاکٹر محمد باقر قالیباف سے ملاقات کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان باہمی دلچسپی کے شعبوں بشمول اقتصادی ترقی اور دوطرفہ تجارت میں تعاون کو فروغ دینے کا خواہاں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

تہران: وزیر داخلہ محسن نقوی افغان طالبان کے نائب وزیر داخلہ برائے سیکورٹی سے مصافحہ کر رہے ہیں

ساڑھے 3 لاکھ ٹن درآمد کے باوجود چینی مہنگی فروخت

گنے کی قیمت کے حوالے سے آبادگار اور شوگر ملز مالکان آمنے سامنے آ گئے ہیں، جس سے گنے کی کرشنگ میں تاخیر ہوگی

زیادہ تر صارفین درآمدی چینی خریدنے میں دلچسپی نہیں رکھتے کیونکہ درآمدی چینی پاؤڈر کی طرح باریک ہے، جس میں مٹھاس بھی کم ہوتی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) نرخوں پر کنٹرول نہ ہونے سے چینی کی قیمت 210 روپے فی کلو تک جا پہنچی، گنے کی امدادی قیمت مقرر کرنے سے حکومت کا انکار، ساڑھے تین لاکھ ٹن چینی درآمد کرنے کے باوجود چینی کی مہنگی فروخت جاری۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے تقریباً ساڑھے تین لاکھ ٹن چینی درآمد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

حکومت کا گورننس کے نام پر ایک ارب ڈالر کا قرض لینے کا فیصلہ

ورلڈ بینک سے 60 کروڑ اور ایشیائی ترقیاتی بینک سے 40 کروڑ ڈالر قرض لیا جائیگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے ٹیکس نظام کی کارکردگی بہتر بنانے، اخراجات میں شفافیت لانے اور سرکاری اداروں کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنانے کے نام پر ایک ارب ڈالر کے 2 غیر ملکی قرضے حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق حکومت 60 کروڑ ڈالر کا قرض پاکستان پبلک ریسورس فار انکلیو سو ڈیولپمنٹ پروگرام" کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

جرمنی کی جانب سے 114 ملین یورو کے نئے ترقیاتی پیکیج کا اعلان

تمام توجہ کلیدی شعبوں، ماحولیاتی تحفظ و توانائی، پائیدار اقتصادی ترقی و فنی تربیت اور سماجی تحفظ پر مرکوز ہوگا

یہ پیش رفت اسلام آباد میں پاکستان، جرمنی دوطرفہ مذاکرات برائے ترقیاتی تعاون کے دوران ہوئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی نے مالی اور تکنیکی تعاون کی مد میں 2025-26 کے لیے 114 ملین یورو کے نئے ترقیاتی پیکیج کا اعلان کیا ہے جو کلیدی شعبوں، ماحولیاتی تحفظ و توانائی، پائیدار اقتصادی ترقی و فنی تربیت اور سماجی تحفظ پر مرکوز ہوگا۔ یہ پیش رفت اسلام آباد میں پاکستان، جرمنی دو طرفہ مذاکرات برائے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

حکومت کا قومی بچت اسکیموں کے منافع میں ردوبدل

وزارت خزانہ کی جانب سے نوٹی فکیشن جاری، نئے نفع کا اطلاق چار نومبر سے کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے قومی بچت سرٹیفکیٹ کے منافع میں ردوبدل کا اعلان کر دیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق حکومت کی جانب سے اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹ کا منافع 11.60 فیصد تک بڑھا دیا گیا ہے، ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کی شرح منافع 10.92 فیصد مقرر کر دی گئی ہے۔ قومی بچت اسکیموں پر نئی شرح منافع کا اطلاق 4 نومبر سے کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

بغیر منظوری اے ایم آئی میٹرز نصب کرنے پر وضاحت طلب

بھاری سرمایہ کاری منصوبے کے لیے پیشگی اجازت لینا ضروری تھا، نیپرا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو بغیر منظوری چار ملین اے ایم آئی میٹرز (Advanced Metering Infrastructure) نصب کرنے پر کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ نیپرا کے مطابق اربوں روپے کے اس سرمایہ کاری منصوبے کیلئے ریگولیٹر کی پیشگی منظوری ضروری تھی، مگر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

وفاقی کابینہ نے 27 ویں آئینی ترمیم کا مسودہ منظور کر لیا

یہ ترمیم قومی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اتحادی جماعتوں سے وسیع مشاورت کے بعد تیار کی گئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے 27 ویں آئینی ترمیم کا مسودہ منظور کر لیا۔ جس کی منظوری وزیراعظم شہباز شریف کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں دی گئی۔ وزیراعظم آفس (پی ایم او) کے بیان کے مطابق اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے باکو، آذربائیجان سے منعقد ہوا۔ وزیراعظم آفس کے مطابق کابینہ کے اراکین نے مجوزہ ترمیم کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

پی آئی اے کے متعدد طیاروں کی عدم دستیابی سے فلائٹ آپریشن شدید متاثر

کئی انٹرنیشنل اور ڈومیسٹک پروازوں میں بھی نمایاں تاخیر دیکھنے میں آ رہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی ایئر لائن کے متعدد طیارے اس وقت تکنیکی وجوہات اور میٹینینس تاخیر کے باعث آپریشن کے لیے دستیاب نہیں ہیں، پرواز پی کے 225 اب بھی ڈیلی چیک کے تحت گراؤنڈ پر ہے۔ اے پی بی ایم ایکس رجسٹریشن کا حامل طیارہ جو کراچی تا اسلام آباد پی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

براہِ راست ٹیکسز میں اضافہ، ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح دو ہرے ہندسے پر جا پہنچی

براہِ راست ٹیکس اب مجموعی جی ڈی پی کا 5.1 فیصد ہیں جبکہ سیلز ٹیکس کا حصہ 3.4 فیصد ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح میں نمایاں بہتری دیکھنے میں آئی ہے جو گزشتہ پانچ سالہ اوسط 8.7 فیصد سے بڑھ کر مالی سال 2024-25 میں دو ہندسی سطح 10.3 فیصد تک پہنچ گئی۔ اس بہتری کی بنیادی وجہ براہِ راست ٹیکسوں میں غیر معمولی اضافہ ہے۔ ایف بی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

بلال بھٹو کابینہ کے علاقائی پبلک پالیسی ڈائریکٹر صارم عزیز و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

کراچی میں دن کے وقت دھند چھائی ہوئی ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 25 (شمارہ نمبر 46) 10 تا 16 نومبر 2025ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

گمراہ کُن خبروں کی آگ اور مصنوعی ذہانت کا ایندھن

گزرے سال میں برطانیہ کے شہروں میں ہنگامے ہوئے۔ یہ ہنگامے اچانک پیدا ہونے والا عوامی غصہ نہیں تھا۔ یہ سب جھوٹی معلومات کی ہولناک طاقت کا نتیجہ تھا۔ یہ وہی موضوع ہے جس پر شامی محقق عکرمہ کالو نے لکھا ہے۔ جولائی 2024 میں ایک جھوٹی خبر پھیلی۔ خبر یہ تھی کہ ایک غیر قانونی تارکِ وطن نے بچوں کو چاقو مارا ہے۔ دی گارڈین اخبار نے واضح کیا کہ اس جھوٹ کو مصنوعی ذہانت (AI) اور اس کے الگورتھمز نے پھیلانے میں دیگر ذرائع کے ساتھ بنیادی واہم کردار ادا کیا ہے۔ AI (مصنوعی ذہانت) نے مسلم تارکینِ وطن کی جعلی ویڈیوز اور تصاویر بنائیں۔ ان کی وجہ سے اقلیتی املاک پر حملے ہوئے۔ رپورٹیں تصدیق کرتی ہیں کہ AI نے نفرت انگیز مواد کو تیزی سے پھیلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان واقعات سے ثابت ہوا کہ AI اب صرف ایک مشین نہیں ہے۔ یہ ایک طاقت بن چکی ہے جو ہماری سوچ بدل رہی ہے۔ آپ کی اسکرین: ہماری مرضی یا AI کی؟ آج ہم جو کچھ بھی دیکھتے ہیں، اس میں ہماری مرضی کم ہوتی ہے۔ یہ الگورتھمز کی خواہش زیادہ ہوتی ہے۔ ہمارا ہر کلک، لائیک، اور دیکھنا AI (مصنوعی ذہانت) کی خوراک بنتا ہے۔ یہ الگورتھمز ہی طے کرتے ہیں کہ ہمیں کیا نظر آئے گا۔ اس کو الگورتھم فیڈ کہتے ہیں۔ فیس بک اور یوٹیوب مواد کو وقت کے حساب سے نہیں دکھاتے۔ وہ دیکھتے ہیں کہ آپ کس مواد سے جذباتی طور پر زیادہ جڑیں گے۔ ان کا مقصد آپ کو پلیٹ فارم پر زیادہ دیر قید رکھنا ہے۔ اس لیے وہ سب سے زیادہ متنازع اور جذباتی مواد آگے کرتے ہیں۔ اس طرح، AI ہماری سوچ کو آہستہ آہستہ تنگ کر دیتی ہے۔ ChatGPT جیسے تخلیقی ٹولز بھی عام ڈیٹا کی بنیاد پر جواب دیتے ہیں۔ یوں، ہماری دنیا کا تصور ان کوڈز کے تابع ہو رہا ہے جن پر ہمارا کنٹرول نہیں رہا۔ فلٹر ببل: ایک بند دائرہ کئی تحقیقات بتاتی ہیں کہ AI سسٹمز ایک ''فلٹر ببل'' (Bubble Filter) بنا دیتے ہیں۔ یہ معلوماتی قید کی طرح ہے۔ محقق ایلائی پیرائزر نے 2011 میں یہ تصور دیا۔ اس دائرے میں آپ کو صرف وہی معلومات ملتی ہے جو آپ کی پرانی سوچ سے ملتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق، یہ دائرہ ہماری معلومات کو کم کر دیتا ہے۔ اس سے ڈیجیٹل پولرائزیشن بڑھتی ہے۔ ہم مختلف خیالات سے محروم ہو جاتے ہیں۔ AI (مصنوعی ذہانت) چپکے سے ہماری سوچ کو بدلتا ہے۔ وہ کوئی معلومات مسلط نہیں کرتا۔ وہ بس یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ہمیں کیا دکھانا ہے اور کیا چھپانا ہے۔ AI کی غیر جانبداری کا جھوٹا عام خیال ہے کہ AI سسٹمز سچے اور غیر جانبدار ہوتے ہیں۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ ان کو انسانوں کے دیے ہوئے ڈیٹا پر سکھایا جاتا ہے۔ ڈیٹا کی بنیاد پر ان میں تعصب بھی آ جاتا ہے۔ MIT کی تحقیق سے پتا چلا کہ چہرے کی شناخت کا نظام ہلکی جلد والے مردوں کو زیادہ آسانی سے پہچانتا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی نے بتایا کہ AI جذبات بھڑکانے والے مواد کو زیادہ دکھاتا ہے۔ یہ سارے ثبوت ایک بڑا سوال کھڑا کرتے ہیں: مصنوعی ذہانت کے زمانے میں ہماری سوچ کا مالک کون ہے؟ جھوٹا شعور: نقلی حقیقت آج کا خطرہ صرف معلومات کی سمت بدلنا نہیں۔ اصل خطرہ معلومات پر ہمارا اعتماد ختم ہونا ہے۔ ہم ہر وقت اصلی اور نقلی میں فرق کرتے رہتے ہیں۔ ڈیپ فیک ٹیکنالوجیز اب جعلی آڈیوز، ویڈیوز اور تصاویر بناتی ہیں۔ عالمی فورم نے خبردار کیا ہے کہ AIGenerative آنے والے برسوں میں گمراہ کن معلومات کا اہم ذریعہ بنے گا۔ جب ہم جھوٹے مواد کے عادی ہوتے ہیں تو ہم ''منظر کا معاشرہ'' بن جاتے ہیں۔ یہاں نقلی حقیقت اصلی سے مل جاتی ہے۔ اصل خطرہ AI (مصنوعی ذہانت) کی چالاکی نہیں۔ یہ ہماری سستی و کاہلی ہے کہ ہم تصدیق نہیں کرتے۔ ایک طرح سے ہم اپنا پورا شعور الگورتھمز کے حوالے کر چکے ہیں۔ اپنی سوچ کو واپس لیں مصنوعی ذہانت اب صرف مددگار نہیں، یہ ہماری سوچ کا ایک اور ذریعہ بن چکی ہے۔ علم کا کنٹرول ہمارے دماغ سے ڈیجیٹل سسٹمز کو منتقل ہو گیا ہے۔ اس انحصار سے ہماری آزاد سوچ کم ہو رہی ہے۔ ہمارا شعور زیادہ شکار ہو رہا ہے۔ AI سسٹمز حقیقت کو نہیں دکھاتے، وہ صرف توجہ حاصل کرنے کے اصول پر کام کرتے ہیں۔ حل ٹیکنالوجی سے دور بھاگنا نہیں۔ ہمیں تنقیدی سوچ کو واپس لانا ہوگا۔ ہمیں AI (مصنوعی ذہانت) کی ہر تجویز پر سوال اٹھانا ہوگا۔ آج کا بڑا سوال یہ ہے: کیا ہماری سوچ واقعی ہماری اپنی ہے، یا وہ جو الگورتھمز نے ہمیں سکھائی ہے؟

امریکا میں تاریخ کا طویل ترین شٹ ڈاؤن

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں بجٹ کے معاملے پر قانون سازوں کے درمیان تنازع کی وجہ سے بحرانی صورت حال اور تاریخ کا سب سے بڑا شٹ ڈاؤن جاری ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حکومت کا موجودہ شٹ ڈاؤن 36 ویں روز میں داخل ہونے کے بعد تاریخ کا طویل ترین شٹ ڈاؤن بن گیا ہے۔ شٹ ڈاؤن کیوں ہوا؟ یہ معاملہ بجٹ سے شروع ہوا جو بحرانی کیفیت اختیار کر گیا ہے اور اس کی وجہ قانون سازوں کے درمیان جاری شدید اختلافات ہیں اور یہ فوری حل ہوتے نظر بھی نہیں آ رہے۔ شٹ ڈاؤن کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دونوں جماعتیں کیم اکتوبر سے وفاقی اخراجات کے بل پر اتفاق نہیں کر سکیں جبکہ گزشتہ بجٹ کی مدت کیم اکتوبر کو ختم ہو گئی تھی اور نیا میزانیہ پاس نہ ہونے کے باعث حکومتی اداروں کی فنڈنگ بند ہو گئی۔ کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت رکھنے والی ریپبلکن جماعت اخراجات میں کٹوتی کر کے بل منظور کرنا چاہتی ہے تاہم اس معاملے پر ڈیموکریٹس نے مخالفت کی اور مطالبہ کیا ہے کہ بجٹ میں صحت ویلفیئر کریڈٹس کی شرح میں کمی کی جائے۔ شٹ ڈاؤن کے دوران بند ہونے والی سروسز شٹ ڈاؤن کے دوران صرف ضروری خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔

15 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی

کوپن ہیگن (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈنمارک حکومت نے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے 15 سال سے کم عمر بچوں پر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے استعمال پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق، حکومت کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ بچوں کی ذہنی اور سماجی صحت کے تحفظ کے لیے کیا گیا ہے۔ نئے قانون کے تحت 13 سال سے کم عمر بچے صرف والدین کی اجازت سے مخصوص پلیٹ فارمز تک رسائی حاصل کر سکیں گے۔ ڈنمارک کے وزیراعظم نے گزشتہ ماہ نوجوانوں میں سوشل میڈیا کے منفی اثرات اور ذہنی دباؤ کے بڑھتے خدشات کے پیش نظر پابندی کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ واضح رہے کہ آسٹریلیا نے بھی گزشتہ سال 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی عائد کی تھی، جس کے بعد ڈنمارک یورپ کا پہلا ملک بن گیا ہے جس نے اس نوعیت کا قدم اٹھایا ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ فیصلہ عالمی سطح پر ڈیجیٹل ویلفیئر اور بچوں کے آن لائن تحفظ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔

امریکا کی نئی ویزا پالیسی، موٹاپا اور ذیابیطس میں مبتلا افراد کا داخلہ بند

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی حکومت نے ایک نئے فیصلے کے تحت موٹاپے اور ذیابیطس میں مبتلا غیر ملکیوں کو امریکا کا ویزا جاری نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے دنیا بھر کے امریکی سفارت خانوں کو جاری کیے گئے ایک مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ان بیماریوں کے شکار افراد کے لیے ویزا کی درخواستیں مسترد کی جائیں گی۔ اس فیصلے کو ٹرمپ انتظامیہ کے دور کی امیگریشن پالیسیوں کی ایک نئی کڑی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ اس سے قبل بھی مختلف ممالک کے پناہ گزینوں پر پابندیاں عائد کی گئی تھیں اور امریکا میں داخلے کے لیے شرائط سخت کی گئی تھیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ یہ اقدام صحت کے حوالے سے خطرات کو کم کرنے اور امریکا کے قومی مفاد کا تحفظ کرنے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ اس نئے فیصلے سے خاص طور پر وہ افراد متاثر ہوں گے جو موٹاپے یا ذیابیطس کی وجہ سے امریکا کے طبی معیارات پر پورا نہیں اترتے۔ اس فیصلے کی مخالفت کرنے والوں کا کہنا ہے کہ یہ اقدام امیگریشن کے حوالے سے مزید امتیازی سلوک کی جانب بڑھ رہا ہے اور اس سے انسانیت کے بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے۔ یہ نیا قانون کب سے نافذ ہوگا اور اس کے مزید اثرات کیا ہوں گے، اس بارے میں امریکی حکام نے تاحال کوئی واضح تاریخ نہیں دی ہے۔

نائٹ شفٹ میں کام چوری کرنے کیلئے مریضوں کو زبردستی سلانے والا نرس پکڑا گیا

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی کے ایک ہسپتال میں عجیب وغریب کیس سامنے آیا ہے جس میں ایک میل نرس نے ہڈ حرامی کی انتہا کر دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق مرد نرس نے اپنی نائٹ شفٹ میں کام چوری کے مقصد سے مریضوں کو خواب آور ادویات دیں تاکہ وہ سب سوتے رہیں۔ نرس کو 10 مریضوں کے قتل اور 27 سے زائد مریضوں کی ہلاکت کی کوشش کے الزام میں عدالت نے عمر قید کی سزا دی ہے۔ نرس نے عمر رسیدہ مریضوں کو بہت زیادہ مقدار میں نیند اور درد کم کرنے والی ادویات مثلاً Morphine اور Midazolam دی تھیں تاکہ نائٹ شفٹ کو آرام دہ بنایا جائے۔ عدالت نے نرس کے جرائم کو ''خاص سنگینی کا جرم'' قرار دیا ہے جس کی وجہ سے اسے 15 سال بعد رہائی کی اجازت طلب کرنے بھی نہیں دی جائے گی۔ ملزم کی شناخت پوشیدہ رکھی گئی ہے کیونکہ جرمن قانون کے مطابق مقدمات میں نامزد نام عام کیے جانے پر پابندی ہے۔

ڈی این اے کی ساخت دریافت کرنے والے سائنسدان انتقال کر گئے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی این اے کی ڈبل ہیلکس ساخت دریافت کرنے میں مرکزی کردار ادا کرنے والے امریکی حیاتیات دان (بائیولوجسٹ) جیمز ڈی واٹسن انتقال کر گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جیمز ڈی واٹسن، جنہوں نے فرانسس کرک اور موریس ولکنز کے ساتھ مل کر ڈی این اے کی ساخت دریافت کی تھی، 97 سال کی عمر میں انتقال کر گئے ہیں۔ بین الاقوامی خبر رساں اداروں اے پی اور پیپل میگزین کے مطابق جیمز واٹسن کا انتقال نیویارک میں ہوا ہے۔ وہ 1962 میں فرانسس کرک اور موریس ولکنز کے ساتھ مل کر ڈی این اے کی ساخت دریافت کرنے پر نوبل انعام برائے طب کے حقدار ٹھہرے تھے۔ 1953 میں واٹسن اور کرک نے ڈی این اے کے ڈبل ہیلکس ماڈل کی تجویز دی، جو حیاتیاتی وراثت کی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔ اس دریافت نے جینیات، طب اور بایوٹیکنالوجی کے میدان میں انقلاب برپا کیا تھا۔ جیمز واٹسن امریکی ''ہیومن جینوم پروجیکٹ'' کے بانی اراکین میں بھی شامل رہے۔



ترکیہ کا 2026 میں ہائی اسپیڈ ٹرین لانچ کرنے کا اعلان

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ نے اعلان کیا ہے کہ وہ 2026 میں اپنی پہلی مقامی سطح پر تیار کردہ ہائی اسپیڈ ٹرین لانچ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ترکیہ کی حکومت نے اپنے صدارتی سالانہ پروگرام میں 2026 کا یہ ہدف شامل کیا ہے کہ اگلے سال؟ مقامی سطح پر تیار کردہ الیکٹرک ٹرین کے علاوہ ایک ہائی اسپیڈ ٹرین متعارف کروائی جائے گی۔ اس ٹرین کی ممکنہ زیادہ سے زیادہ رفتار 225 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوگی (تقریباً 140 میل فی گھنٹہ) ہوگی۔ اس کا مقصد صرف ٹرین کی رفتار میں اضافہ نہیں بلکہ ملکی ریلوے صنعت کی خود کفالت، مقامی تحقیق وترقی اور سفر کی تیزی کو بڑھانا بھی ہے۔ کمپنی تورا ساس اس منصوبے کی مرکزی کردار ہے جس نے سیکریا صوبے میں ایک ہائی اسپیڈ ٹرین فیکٹری قائم کی ہے۔ اس فیکٹری کی وسعت تقریباً 15000 مربع میٹر ہے اور اس کی پیداوار کی گنجائش 12 ہائی اسپیڈ ٹرین فی سال بتائی گئی ہے۔

ملائیشیا اور تھائی لینڈ کی سرحد پر تارکین وطن کی کشتیاں ڈوب گئیں

کوالالمپور (مانیٹرنگ ڈیسک) ملائیشیا اور تھائی لینڈ کی سرحد کے قریب تین کشتیوں کے ڈوبنے کے دلخراش واقعے میں 300 سے زائد تارکین وطن لاپتہ ہو گئے، جبکہ 10 افراد کو زندہ بچا لیا گیا اور ایک شخص کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے۔ بین الاقوامی خبر ایجنسی کے مطابق ملائیشین میری ٹائم اتھارٹی نے بتایا کہ واقعہ تین دن قبل پیش آیا جب متعدد کشتیوں نے غیر قانونی طور پر ملائیشیا میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ کشتیوں میں میانمار، روہنگیا اور بنگلا دیشی تارکین وطن سوار تھے۔ رپورٹس کے مطابق، ابتدائی طور پر 300 سے زائد افراد ایک بڑے جہاز میں سوار تھے، جنہیں بعد میں تین چھوٹی کشتیوں میں تقسیم کیا گیا۔ ہر کشتی میں تقریباً 100 افراد موجود تھے۔

اٹلی کے فیشن برانڈ نے معمولی سیفٹی پن لاکھوں روپے میں فروخت کیلئے پیش کر دی

اٹلی (مانیٹرنگ ڈیسک) اطالوی فیشن برانڈ پراڈا نے 775 ڈالر (2 لاکھ 19 ہزار پاکستانی روپے) کی سیفٹی پن متعارف کرا کر ایک بار پھر انٹرنیٹ پر ہلچل مچا دی۔ 'قروشیے سیفٹی پن بروچ' نامی پیتل سے بنا یہ سیفٹی پن رنگین قروشیے میں لپٹا ہے جس پر پراڈا کا ایک چھوٹا سا تکون لوگو لگا ہے۔ 200 سے 250 روپے کے درمیان سیفٹی پن کا پیکٹ خریدنے والے صارفین کو جب پراڈا کے تقریباً 2 لاکھ 20 ہزار روپے کی سیفٹی پن سے متعلق معلوم ہوا تو انہوں نے سوشل میڈیا پر خوب مذاق بنایا۔

چینی خلانوردوں کی خلا میں باربی کیو پارٹی!

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے ٹیانگونگ خلائی اسٹیشن میں موجود خلانوردوں نے مائیکروگریویٹی میں پہلی بار کامیابی کے ساتھ چکن ونگز اور اسمیکس گرل کر کے کھائے۔ یہ خلائی باربی کیو ایک نئے قسم کے اوون کی وجہ سے ممکن ہو سکتا جو مدار میں دھویں اور نقصان دہ مرکبات سے پاک کھانا پکانے میں مدد دے سکتا ہے۔ جاری کی جانے والی ویڈیو میں دکھایا گیا کہ خلانورد چکن ونگز کو ایک پنجرے میں رکھ کر اس پنجرے کو ایک ایئر فرائر جتنے بیچ میں رکھ رہے ہیں۔ چائنا آسٹرونٹ ریسرچ اور ٹریننگ سینٹر کے ڈپٹی چیف ڈیزائنر لیو ویو کا کہنا تھا کہ یہ اپنی قسم کا پہلا اوون ہے جس کو دنیا سے باہر موجود خلائی اسٹیشن میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

خلائی مخلوق سے پہلا رابطہ، 2026ء کیلئے بابا وانگا کی پیش گوئیاں

بلغیر یا (مانیٹرنگ ڈیسک) سال 2026 کے قریب آتے ہی پیش گوئیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا اور انٹرنیٹ پر بلغاریہ کی مشہور پیش گو خاتون بابا وانگا کی مستقبل کے حوالے بتائی جانے والی باتیں گردش کرنے لگ گئی۔ 2026 سے متعلق بابا وانگا کی پیش گوئیاں درج ذیل ہیں: مشرق کی جنگ جو مغرب میں تباہی پھیلائے گی بابا وانگا کی سب سے تشویشناک پیش گوئی یہ ہے کہ مشرق میں ایک بڑی جنگ کا آغاز ہوگا، جو مغرب میں وسیع پیمانے پر تباہی کا سبب بنے گی۔ اگرچہ تفصیلات مبہم ہیں، لیکن بہت سے لوگ اس کو ممکنہ طور پر ایک عالمی سطح پر اثر انداز ہونے والے جغرافیائی سیاست کے تنازع کے طور پر دیکھتے ہیں۔ یہ پیش گوئی ایشیا میں بڑھتی ہوئی کشیدگیوں اور ان کے یورپ اور شمالی امریکا پر اثرات کے بارے میں قیاس آرائیاں واضح کرتی ہے۔ 'لارڈ آف دی ورلڈ' کا ابھرنا بابا وانگا نے ایک طاقتور عالمی شخصیت کے ابھرنے کی پیش گوئی کی تھی، جسے 'لارڈ آف دی ورلڈ' کہا گیا تھا۔ یہ پراسرار رہنما افراتفری کے درمیان ابھرے گا اور ایک نیا عالمی نظام قائم کرے گا۔ کچھ لوگ اس کو آمرانہ حکمرانی یا طاقت کے یکجا ہونے کے طور پر دیکھتے ہیں، جو ٹیکنالوجی اور نگرانی کے ذریعے ہوگا۔ دیگر اسے ایک روحانی یا مسیحائی شخصیت کے طور پر سمجھتے ہیں، جو انسانیت کے مستقبل کو نئے سرے سے تشکیل دے گا۔ خلائی مخلوق سے پہلا تصدیق شدہ رابطہ 2026 کی پیش گوئیوں میں سب سے زیادہ سنسنی خیز دعووں میں سے ایک یہ ہے کہ انسانیت پہلی بار خلائی مخلوق سے تصدیق شدہ رابطہ کرے گی۔ بابا وانگا نیکے مطابق یہ ملاقات دشمنانہ نہیں ہوگی، بلکہ یہ انسانوں کے لیے کائنات کو سمجھنے کا ایک سنگ میل ثابت ہو گی۔ قدرتی آفات اور موسمی آفات بابا وانگا کی 2026 کی پیش گوئیوں میں قدرتی آفات جیسے زلزلے، آتش فشاں پھٹنا اور شدید موسمی واقعات شامل ہیں۔ یہ پیش گوئیاں ماحولیاتی تبدیلی اور اس کے عالمی ایکوسسٹمز پر غیر متوقع اثرات کے بارے میں بڑھتی ہوئی تشویش کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

میٹا کا جعلسازی کے اشتہارات سے اربوں ڈالر کمائی کا انکشاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نئے دستاویزات میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ٹیکنالوجی کمپنی میٹا ہر سال فیس بک، انسٹاگرام اور دیگر پلیٹ فارمز پر دھوکا دہی اور ممنوع اشیاء سے متعلق اشتہارات چلا کر اربوں ڈالر کما رہی ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق گزشتہ برس کے آخری میں ٹیکنالوجی کمپنی کی جانب سے اندرونی طور پر تخمینہ لگایا گیا کہ کمپنی اپنی سالانہ آمدنی کا تقریباً 10 فی صد (16 ارب ڈالر) جعلی ای-کامرس اور سرمایہ کاری اسکیمز، غیر قانونی آن لائن کیسینو اور ممنوع طبی اشیاء کی فروخت سے کمائے گی۔ ماضی میں سامنے نہ آنے والے دستاویز میں یہ بھی بتایا گیا کہ سوشل میڈیا کمپنی گزشتہ کم از کم تین برسوں میں ایسے جعلسازی اور غیر قانونی اشیاء کی فروخت کے اشتہارات کی نشان دہی کرنے اور فیس بک، انسٹاگرام اور واٹس ایپ کے اربوں صارفین کو ان سے بچانے میں ناکام رہی ہے۔ دسمبر 2024 کے ایک دستاویز کے مطابق کمپنی اپنے پلیٹ فارمز پر صارفین کو ایک اندازے کے مطابق روزانہ اوسطاً 15 ارب انتہائی خطرناک جعلسازی کے اشتہارات (ایسے اشتہارات جن میں جعلسازی کے واضح اشارے موجود ہوتے ہیں) دکھاتی ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	282.50 PKR	282.70 PKR
Euro	EUR	331.65 PKR	335.15 PKR
British Pound	GBP	380.95 PKR	383.95 PKR
UAE Dirham	AED	76.80 PKR	77.80 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.55 PKR	76.20 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	913.40 PKR	922.40 PKR
Canadian Dollar	CAD	205.40 PKR	212.40 PKR
Australian Dollar	AUD	185.35 PKR	190.35 PKR
Omani Riyal	OMR	731.25 PKR	738.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.88 PKR	1.98 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.25 PKR	66.85 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.90 PKR	77.60 PKR
Bahrain Dinar	BHD	746.60 PKR	754.10 PKR
Thai Bhat	THB	8.45 PKR	8.60 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.30 PKR	39.70 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	36.20 PKR	36.55 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	160.30 PKR	162.30 PKR
Singapore Dollar	SGD	216.85 PKR	221.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.82 PKR	28.12 PKR
Swedish Krona	SEK	29.69 PKR	29.99 PKR
Swiss Franc	CHF	352.54 PKR	355.29 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 441,700	Rs. 378,690
22k	Rs. 404,884	Rs. 347,130
21k	Rs. 386,484	Rs. 331,355
20k	Rs. 368,174	Rs. 315,657
18k	Rs. 331,271	Rs. 284,018
14k	Rs. 257,665	Rs. 220,911
12k	Rs. 257,665	Rs. 189,345

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Karachi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Lahore	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Islamabad	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Rawalpindi	Rs. 4,397	Rs. 5,124
Peshawar	Rs. 4,397	Rs. 5,124

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 263.02 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 275.42 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.81 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	KEL 5.62 ⌄ -0.46 BOP 37.0 ⌄ -2.21 PIBTL 15.61 ⌄ -0.19 SEARL 112.06 ^ 2.12
KSE ALL SHARE	KEL 5.62 ⌄ -0.46 WTL 1.96 ⌄ -0.13 FCSC 9.0 ⌄ -0.03 BOP 37.0 ⌄ -2.21 TELE 12.6 ⌄
KSE 30	No Data Found. ⌄
KMI30	No Data Found. ⌄
ALL SHARE ISLAMIC	KEL 5.62 ⌄ -0.46 TELE 12.6 ⌄ -0.66 TREET 32.31 ⌄ -1.37 PIBTL 15.61 ⌄ -0.19 SEARL
BATI	BOP 37.0 ⌄ -2.21 BAFL 106.63 ⌄ -3.27 NBP 204.99 ⌄ -4.47 BAHL 188.51 ⌄ -6.32
OGTI	PPL 195.09 ^ 0.62 OGDC 264.27 ⌄ -2.05 MARI 738.64 ⌄ -0.79

بقیہ 1 تجارت نیوز

مشترکہ قدرتی وسائل کے جان بوجھ کر ہتھیار کے طور پر استعمال کی کلاسیکی مثال قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ چھ دہائیوں سے یہ معاہدہ پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کی منصفانہ اور متوقع تقسیم کا معیار رہا ہے،حتیٰ کہ جنگ کے دوران بھی۔عاصم افتخار نے کہا کہ بھارت کی یکطرفہ معطلی معاہدے کی روح اور حرف کو نہ صرف نقصان پہنچاتی ہے بلکہ ماحولیاتی نظام کو خطرے میں بھی ڈالتی ہے، ڈیٹا شیئرنگ کو متاثر کرتی ہے اور لاکھوں لوگوں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتی ہے جو خوراک اور توانائی کے لیے انڈس ندی پر منحصر ہیں۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

کی قابل خرچ آمدنی میں اضافے کے لیے نہایت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔اسی دوران حکومت ترسیلاتِ زر میں مسلسل اضافے اور معاشی استحکام میں اُن کے مؤثر کردار کو یقینی بنانے کیلئے مراعات اور باضابطہ چینلز کے استعمال کو فروغ دے رہی ہے۔اسٹیٹ بینک ذرائع کے مطابق پاکستان ریمیٹنس انیشی ایٹو (پی آر آئی) 2009 سے ملک میں ترسیلاتِ زر کو باضابطہ ذرائع کے ذریعے فروغ دینے کے لیے سرگرم ہے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

راشد لنگڑیال نے کہا کہ فی الحال نئے ٹیکس عائد کرنے کی کوئی فوری ضرورت نہیں ہے البتہ ٹیکس کمپلائنس میں بہتری اور ٹیکس نیٹ کے دائرہ کار کو وسیع کرنا محصولات میں پائیدار اضافے کے لیے ناگزیر ہے۔چیئرمین ایف بی آر نے انکشاف کیا کہ رواں سال ٹیکس وصولی اور کمپلائنس میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

صدارت ہونے والے ای سی سی اجلاس میں کیا گیا ہے۔اجلاس میں پاور ڈویژن کی ایک اور سمری پر بھی غور کیا گیا جو ایٹمی بجلی گھروں (این پی پیز)، سرکاری پاور پلانٹس (جی پی پیز)، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) اور سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) کے نرخوں میں بہتری اور ادائیگیوں کی تنظیم نو سے متعلق تھی۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

آیا ہے تاہم مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔ان کا کہنا تھا کہ جہاز کے عملے کے تمام 24 ارکان محفوظ ہیں اور ہمارا ان کے ساتھ قریبی رابطہ ہے، مدد کے لیے ہنگامی ٹیم کو متحرک کر دیا گیا ہے اور عملے کی حفاظت اور مدد یقینی بنانے کے لیے حکام سے رابطے کیے گئے ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

پارٹی کی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اعلان کیا کہ پیپلز پارٹی این ایف سی فارمولے میں تبدیلی کی تجویز کو مسترد کرتی ہے۔پیپلز پارٹی کی سی ای سی کا اہم اجلاس تجویز کردہ 27ویں آئینی ترمیم کے حوالے سے اہم فیصلے کرنے کے لیے بلایا گیا تھا۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

تیاری کو فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے الگ کر کے وزارتِ خزانہ کو منتقل کر دیا گیا ہے آئندہ مالی سال کا بجٹ ایف بی آر نہیں بلکہ ٹیکس پالیسی آفس تیار کرے گا۔اس اقدام سے کاروباری برادری کی پالیسی میں تضاد کے حوالے سے دیرینہ شکایات دور ہوں گی۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

''سی ٹو اسٹیل انٹیگریٹڈ میری ٹائم انڈسٹریل کمپلیکس'' کے تحت پورٹ قاسم پر قائم کیا جائے گا، جو پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔اس کے ساتھ ہی گڈانی شپ ری سائیکلنگ یارڈ کو ہانگ کانگ کنونشن کے ماحولیاتی معیار کے مطابق جدید بنانے کے لیے 12 ارب روپے کی سرمایہ کاری جاری ہے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

مقبولیت کی بدولت تجارت نیوز کی انتظامیہ اور کارکن کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہ لائے۔اور دیگر کاروباری مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کو لوٹ مار کا مرکز بنانے والے کھرب پتی افسران پر مشتمل ٹولے کو بے نقاب کرنے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔اور بالآخر مقتدر اداروں نے اس صورتحال کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا۔اور ان کی جانب سے کی جانے والی اعلیٰ سطحی تحقیقات کے دوران تجارت نیوز کی جانب سے ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں جاری بدعنوانیوں اور ان کے سرپرستوں کے حوالے سے نشر کی جانے والی تمام خصوصی رپورٹس حرف بحرف سچ ثابت ہوئیں، جس کے بعد ڈپٹی ڈائریکٹر محمد باسط اور اُن کے ساتھیوں کو کرپشن اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات پر نیف سا سے برطرف کر دیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی (نیفسا) کے نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل نے ڈپٹی ڈائریکٹر (گریڈ 18) ڈاکٹر محمد باسط سے اُن کے موجودہ تمام عہدوں کے اختیارات واپس لے لیے ہیں۔ڈاکٹر باسط مبینہ طور پر سروس رولز کی خلاف ورزی کرتے ہوئے گریڈ 19 کے تین ڈائریکٹر سطح کے عہدوں کے اضافی چارج سنبھالے ہوئے تھے۔ذرائع کے مطابق یہ اقدام متعدد شکایات، اندرونی شواہد اور میڈیا رپورٹس کے بعد سامنے آیا جن میں ڈاکٹر باسط اور اُن کے ساتھیوں پر بدعنوانی، اختیارات کے غلط استعمال اور انتظامی بے ضابطگیوں کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ذرائع کے مطابق، ڈاکٹر باسط کو عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ متعدد انکوائریوں اور اندرونی آڈٹس کے بعد کیا گیا، جن میں مالی بے ضابطگیوں، اختیارات کے ناجائز استعمال اور قرنطینہ و کیڑے مار ادویات کے اجازت ناموں میں غیر قانونی ہیرا پھیری کی تصدیق ہوئی۔ذرائع کے مطابق تحقیقات کا عمل تاحال جاری ہے تاکہ اُن کے دورِ کار کے دوران ہونے والی تمام بے ضابطگیوں کا دائرہ واضح کیا جا سکے۔نیفسا کے اندرونی ذرائع نے تجارت نیوز کو بتایا کہ ڈاکٹر باسط ڈائریکٹر قرنطینہ، ڈائریکٹر رجسٹریشن اور ڈائریکٹر لوکسٹ (ٹڈی دل) جیسے گریڈ 19 کے تین اہم عہدوں کے بیک وقت چارج سنبھالے ہوئے تھے، حالانکہ وہ خود گریڈ 18 میں تھے۔ذرائع کے مطابق یہ عہدے اُنہیں سابق جوائنٹ سیکریٹری (ایڈمن) ڈاکٹر سید بلال حیدر کے دور میں دیے گئے، جو وزارتِ نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ میں تعینات تھے۔ڈاکٹر بلال حیدر پر ماضی میں غیر قانونی تبادلوں اور تقرریوں کی سہولت کاری کے الزامات بھی عائد کیے جا چکے ہیں، خصوصاً بزدار دورِ حکومت میں۔اندرونی رپورٹس اور تحقیقات کے مطابق، ڈاکٹر باسط، ڈاکٹر بلال حیدر اور سابق ڈی جی نیفسا طاہر عباس کے درمیان قرنطینہ منظوریوں، کیڑے مار ادویات کی رجسٹریشن اور کھیپوں کی کلیئرنس کے معاملات میں گٹھ جوڑ پایا گیا۔ذرائع کے مطابق، یہ تینوں افسران مختلف ماتحت انسپکٹرز اور اینٹومولوجسٹس (حشریات دانوں) کے ذریعے ایسے زرعی اجناس کی کھیپوں کو داخلے کی اجازت دیتے تھے جو دراصل متاثرہ یا آلودہ ہوتی تھیں۔جن میں لکڑی، لہسن، ادرک، ناریل، سیب، خشک میوہ جات، تیل دار اجناس، صاف شدہ روئی اور مصالحہ جات شامل تھے۔رپورٹس کے مطابق ان کھیپوں کو پاکستان پلانٹ قرنطینہ رولز 2019 کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بغیر مطلوبہ علاج یا فومیگیشن کے کلیئر کیا گیا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ ان منظوریوں کے عوض بھاری رشوت یا کمیشن لیے جاتے تھے، اور یہ سلسلہ کراچی اور کوئٹہ اسٹیشنز پر خاص طور سے جاری تھا۔ایف آئی اے اور وزارتِ فوڈ سیکیورٹی کے ذرائع کے مطابق سابق ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس اور محمد باسط دونوں مبینہ طور پر غیر قانونی این او سی جاری کرنے، ممنوعہ یا ناقص کیڑے مار ادویات کی رجسٹریشن میں بھی ملوث تھے۔ریکارڈ کے مطابق 40 کروڑ روپے مالیت کی ناقص ادویات کو مارکیٹ میں جاری کیا گیا جبکہ 2 ارب روپے سے زائد مالیت کی ممنوعہ مصنوعات کی درآمد و فروخت کی اجازت اُن کی نگرانی میں دی گئی۔مزید یہ کہ تقریباً 40 ارب روپے مالیت کے جینیاتی طور پر تبدیل شدہ تیل دار بیجوں اور 37 ارب روپے کی روئی کے 2,500 شپمنٹس، بغیر فیومیگیشن کلیئر کیے گئے۔اسی طرح 25 ارب روپے سے زائد مالیت کی لکڑی کی کھیپیں بغیر اسپرے کے جاری کی گئیں، جن کی کلیئرنس کے لیے بطور رشوت فی کنٹینر 12 سے 15 ہزار روپے تک وصول کیے گئے۔سرکاری ریکارڈ کے مطابق، ڈاکٹر محمد باسط پر پہلے بھی ایف آئی اے اینٹی کرپشن کیس نمبر 2/2019 میں فردِ جرم عائد ہو چکی ہے، جو سویا بین جہاز OCEANVITA کی کلیئرنس سے متعلق تھا۔کراچی یونیورسٹی اور پارک لیبارٹریز کی رپورٹ کے مطابق جہاز کی کھیپ "غیر موزوں" قرار دی گئی تھی تاہم مبینہ طور پر ڈاکٹر باسط نے 1 کروڑ 60 لاکھ روپے لے کر کلیئرنس جاری کی۔ان پر بہاولپور میں بھی کرپشن اور دھوکہ دہی کے مقدمے میں 15 دن قید اور بعد ازاں کراچی کیس میں 5 ماہ حراست کاٹنے کے الزامات موجود ہیں۔ذرائع کے مطابق، ان تمام مقدمات کے باوجود اُن کے خلاف محکمانہ کارروائی نہیں کی گئی کیونکہ اُس وقت کے اعلیٰ افسران سیاسی اثر و رسوخ اور مبینہ ماہانہ ادائیگیوں کے باعث انہیں تحفظ دیتے رہے۔نیفسا ذرائع کے مطابق ڈاکٹر باسط اور اُن کے ساتھی نجی فومیگیشن اور کیڑے مار ادویات کی کمپنیوں میں 50 فیصد شراکت دار ہیں۔جن میں احمد اینڈ کامران ٹریڈرز (اسلام آباد و کوئٹہ) اور العباس ایگری کیئر فومیگیشن کمپنی (کراچی) شامل ہیں۔[یہ کمپنیاں اُن کے قریبی ساتھی اسرار خان، ہنزلہ خان، احمد یار کاکڑ اور محمد قاسم خان کاکڑ کے زیرِ انتظام چلائی جاتی ہیں۔جبکہ اربوں، کھربوں کے اس گورکھ دھندے میں پاک پینسی فیومیگیشن کمپنی کے مالکان فرقان اور حیدر، طاہر فیومیگیشن کے مالکان جان محمد اور دانش کے ساتھ اویس اور عادل نامی افراد بھی برابر کے شریک ہیں ذرائع کے مطابق درآمد کنندگان کو انہی مخصوص و من پسند کمپنیوں کی خدمات لینے پر مجبور کیا جاتا تھا اور انکار کرنے والوں کو قرنطینہ اجازت نامے روکنے یا تاخیر سے دینے کی دھمکیاں دی جاتیں۔ذرائع کے مطابق کرپشن کا یہ نیٹ ورک ڈاکٹر طاہر عباس تک بھی پھیلا ہوا ہے جو حال ہی میں ایف بی آر میں چیف او پی ایس کسٹمز تعینات ہوئے ہیں۔ان کی یہ تعیناتی مبینہ طور پر مالی ادائیگیوں اور اثر و رسوخ کے ذریعے ہوئی، جس پر ایف بی آر کے اندر تنقید بھی سامنے آئی ہے۔مزید یہ کہ قاسم خان کاکڑ، جو بلوچستان ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ (ARI) کوئٹہ سے ڈیپوٹیشن پر آئے تھے، نے مبینہ جعلی تجربہ سرٹیفکیٹ پر ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن (DPP) میں ڈائریکٹر ایڈمن کے طور پر تقرری حاصل کی۔ذرائع کے مطابق یہ تقرری برطانوی ایجنٹ اسرار خان کی مدد اور 50 لاکھ روپے کے بدلے عمل میں آئی۔بعد ازاں برطرفی کے بعد انہیں دوبارہ وزارتِ فوڈ سیکیورٹی میں ڈپٹی سیکریٹری (پلاننگ) کے طور پر تعینات کیا گیا، ذرائع کے مطابق یہ عہدہ بھی قاسم کاکڑ نے مبینہ طور پر بھاری رشوت کے عوض حاصل کیا تھا۔ماہرینِ زراعت اور تجارتی ذرائع کے مطابق، نیفسا کی سابقہ انتظامیہ کی کرپشن نے پاکستان کی زرعی برآمدات پر براہِ راست منفی اثر ڈالا۔جنوری تا اکتوبر 2025 کے دوران سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ویتنام کو مکئی کی برآمدات میں 75 فیصد کمی ہوئی، یورپی یونین کو چاول کی برآمدات میں 80 فیصد کمی ہوئی، پاکستانی کھیپوں کی 70 بار بندرگاہوں پر پکڑ دھکڑ کی گئی، آم کی برآمدات میں 30 فیصد کمی رپورٹ ہوئی۔اسی طرح، چین کو تل کی برآمدات میں 30 فیصد، روس کو ترش پھلوں میں 40 فیصد اور ایران کو آموں کی ایکسپورٹ میں 60 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ دوسری جانب تیل دار اجناس، دالوں اور خشک میوہ جات کی درآمدات میں اضافہ ہوا۔جسے اب کمزور قرنطینہ نظام اور ناقص معیار بندی کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے۔ذرائع کے مطابق، مذکورہ گروپ وزارتِ فوڈ سیکیورٹی اور وزیرِ اعظم آفس کی ہدایات کے باوجود میتھائل برومائیڈ کے درآمد کنندگان کی فہرست بڑھانے میں ناکام رہا تاکہ مونوپولی ختم کی جا سکے۔بلکہ، انہوں نے متاثرہ شپمنٹس کو ضروری اقدامات کے بغیر کلیئر کیا اور فومیگینٹ کے استعمال کی رپورٹنگ کم دکھا کر وزیرِ اعظم آفس کو گمراہ کیا۔مزید یہ کہ انہوں نے بڑے کیڑے مار درآمد کنندگان سے پیسے بٹورے تاکہ ریگولیٹری ترامیم میں تاخیر کر کے مونوپولی برقرار رکھی جا سکے۔ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ انہوں نے ایک درآمد کنندہ کمپنی PMS کی رجسٹریشن منسوخ کر دی حالانکہ پاکستان ہائی کمیشن آسٹریلیا نے اُس کے مینوفیکچرر کی تصدیق کر رکھی تھی۔یہ اقدام مبینہ طور پر منسلک کمپنیوں کو فائدہ دینے اور دیگر درآمد کنندگان کو بلیک میل کرنے کے لیے کیا گیا۔وزارتِ فوڈ سیکیورٹی کے ذرائع کے مطابق، حال ہی میں 2005 سے 2024 کے دوران خدمات انجام دینے والے 45 سابق افسران، جن میں سیکریٹریز، ایڈیشنل سیکریٹریز، جوائنٹ سیکریٹریز، ڈائریکٹر جنرلز اور ٹیکنیکل ڈائریکٹرز شامل ہیں، کو ایک داخلی احتسابی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔یہ فہرست سینٹرل پلانٹ قرنطینہ لیبارٹری (CPQL) کو فعال نہ کرنے میں ناکامی سے متعلق ہے تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ ناموں کا اندراج جانبدارانہ انداز میں کیا گیا اور چند پسندیدہ افسران کو اس فہرست سے جان بوجھ کر خارج کیا گیا۔دوسری جانب طاہر عباس اور عبدالباسط کی سرپرستی میں چلنے والی منظم گروہ کی جانب سے رواں برس کی جانے والی بے مثال لوٹ مار کی چند مثالیں جن کے مطابق رواں برس اگست کے آخری ہفتے میں غیر اخلاقی اور غیر قانونی حرکات پر ڈی پی پی (DPP) کے نصف درجن کے قریب افسران کو فوجداری نوعیت کے بد اخلاقی الزامات، شرافت اور شہرت کے خلاف جرائم نفرت یا تشدد پر اُکسانے، اور سرکاری ضابطوں و سروس رولز کی خلاف ورزی پر معطل یا عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق یہ کارروائی متعدد سرکاری نوٹیفکیشنز کے ذریعے عمل میں لائی گئی، سرکاری زرائع کے مطابق مشتاق احمد، یعقوب خان اور نعمان جعفر (اسسٹنٹ انٹومولوجسٹ، بی ایس-16) کو 120 دن کے لیے معطل کیا گیا تھا۔یہ فیصلہ اُس ویڈیو کے بعد کیا گیا جس میں مذکورہ اہلکار سابق ڈائریکٹر ٹیکنیکل شہزاد کے خلاف نعرے بازی اور ڈائریکٹر ایڈمن قاسم خان کاکڑ کے حق میں نعرے لگاتے دکھائی دیے۔ذرائع کے مطابق یہ تینوں افسران اپنے دفتر میں مٹھائی اور تحائف (15 سے 25 ہزار روپے مالیت تک) تقسیم کرتے بھی پائے گئے، سابق ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی مبینہ طور پر ''سیاسی بنیادوں پر برطرفی'' کا جشن مناتے ہوئے۔اس وقت کے ڈی جی نیف سا-ڈی پی پی طاہر عباس نے ویڈیو کا نوٹس لیتے ہوئے ان افسران کو معطل کر دیا اور ان کے سربراہ ناصر احمد ورک (انٹومولوجسٹ) کو بھی معطل کرنے اور محمد حنیف (انٹومولوجسٹ) کا کنٹریکٹ ختم کرنے کی سفارش سیکریٹری فوڈ سیکیورٹی کو کی جو مجاز اتھارٹی ہیں۔ذرائع کے مطابق ناصر احمد ورک کو آموں کی برآمدات کا انچارج اُس وقت بنایا گیا جب سینئر افسر ڈاکٹر محمد اشفاق (ڈائریکٹر ٹیکنیکل قرنطینہ) کو لاہور تبدیل کر دیا گیا۔یہ اقدام مبینہ طور پر کراچی کی دو خواتین صنعت کاروں کے ملکیتی آموں کے ہاٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کو فائدہ پہنچانے کے لیے کیا گیا، جس میں وزارتِ خوراک کے جوائنٹ سیکریٹری (ایڈمن) ڈاکٹر سید بلال حیدر کا اہم کردار تھا۔اگرچہ اس اقدام سے ڈی پی پی اور وزارت کی غیر قانونی آمدن میں اضافہ ہوا مگر ایران کو آموں کی برآمدات تاریخی حد تک کم ہو گئیں۔اس کے باوجود ناصر ورک کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی گئی کیونکہ انہیں بلال حیدر، قاسم خان کاکڑ، اور وزارت کے بعض اعلیٰ اہلکاروں کی پشت پناہی حاصل تھی۔ذرائع کے مطابق ناصر ورک اکثر دعویٰ کرتا ہے کہ اُس کا چچا برطانیہ میں وفاقی وزیر کا قریبی دوست ہے اور دوروں کے دوران اُسے اپنے گھر مدعو کرتا ہے۔ناصر ورک پر ماضی میں بھی سنگین الزامات لگ چکے ہیں۔رپورٹس کے مطابق وہ واہگہ بارڈر اور لاہور ایئرپورٹ پر بھارتی روئی، ٹماٹر، کیلے، اور کینیا کے پھولوں کی غیر قانونی درآمد میں ملوث رہا۔مزید یہ کہ اُس نے مبینہ طور پر چاول، تل اور مرچوں کے یونٹس کے غیر قانونی آڈٹ کیے اور فی یونٹ ایک لاکھ روپے رشوت وصول کی، جس سے غیر ملکی کیڑے پاکستان میں منتقل ہونے کے خطرات بڑھے۔ایک علیحدہ واقعے میں ڈی جی ڈی پی پی نے عمران بٹ (ڈرائیور) کو اس وقت معطل کر دیا جب اُس کی ویڈیو وائرل ہوئی جس میں وہ ڈی پی پی کراچی دفتر کے قریب بارش کا پانی سرکاری گاڑی سے نکالتا دکھائی دیا۔تاہم قاسم کاکڑ کے خلاف کوئی کارروائی نہ ہوئی جو اسلام آباد میں ذاتی مقاصد کے لیے ڈی پی پی کی گاڑی استعمال کر رہا تھا حالانکہ وہ اس کا اہل نہیں تھا۔اندرونی ذرائع کے مطابق کاکڑ ان معطل افسران کا سب سے بڑا حمایتی ہے اور انہیں یقین دہانی کرا چکا ہے کہ جب تک وہ وزارت میں بااثر عہدے پر ہے انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔کاکڑ، جو بلوچستان ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ سے ڈی پی پی میں ڈیپوٹیشن پر آیا تھا، 2024 میں ایف آئی اے کیس نمبر 40/2024 میں گرفتار ہوا اور صوبائی محکمہ واپس بھیج دیا گیا تھا۔بعد ازاں اُس نے سابق سیکریٹری وزارتِ خوراک وسیم اجمل چوہدری کی مدد سے دوبارہ وزارت میں بطور ڈپٹی سیکریٹری (پلان) پوسٹنگ حاصل کر لی۔یہ معطلیاں ایسے وقت میں سامنے آئیں تھیں،، جب ڈی پی پی پہلے ہی قرنطینہ سرٹیفکیشن، برآمدی معیار اور زرعی زہروں کی درآمد کے حوالے سے شدید تنقید کی زد میں ہے۔برآمد کنندگان کا کہنا تھا کہ محکمے میں بدعنوانی اور کمزور نگرانی کے باعث پاکستانی زرعی مصنوعات خصوصاً چاول، آم اور دیگر پھل و سبزیوں کی عالمی مارکیٹ میں ساکھ بری طرح متاثر ہوئی ہے۔دوسری جانب اسی دوران تجارت نیوز کے ذرائع نے انکشاف کیا کہ راشد سراج، جو فومیگیٹرز اور کلیئرنگ ایجنٹس سے ماہانہ بھتہ وصول کرنے کے لیے بدنام ہے، کبھی اپنی اہلیہ کے اکاؤنٹ، کبھی موبائل ایزی پیسہ کے ذریعے ہر ماہ خطیر رشوت وصول کر رہا ہے۔اُس کے خلاف ایف آئی اے کراچی، ڈی پی پی اور وزارت میں متعدد شکایات زیرِ التواء ہیں۔2024 میں اُسے جبری ریٹائر کیا گیا تھا، تاہم اُس کی سرگرمیاں جاری بتائی جاتی ہیں۔ذرائع نے مزید بتایا تھا کہ اسی طرح اللہ یار عرف "یارو ڈاکو"، جو ابتدا میں لیبارٹری اسسٹنٹ (بی ایس-4) تعینات ہوا تھا، پر کرپشن، خواتین عملے کو ہراساں کرنے، اور پنجاب و کراچی میں اغوا، چوری، ڈکیتی اور اسمگلنگ کے مقدمات درج ہیں۔اُس کا بھائی عمران عرف "ریئرہ بدمعاش" بھی جعلی ڈومیسائل کی بنیاد پر ڈی پی پی میں نائب قاصد بھرتی ہوا تھا اور بعد میں برطرف کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق یہ دونوں بھائی ان دنوں لندن کے فومیگیٹر اور کلیئرنگ ایجنٹ اسرار خان کاکڑ کے فرنٹ مین کے طور پر کام کر رہے ہیں اور قرنطینہ و رجسٹریشن ونگز کے افسروں کے کمروں میں بلا روک ٹوک داخل ہو کر منظوریوں اور سرٹیفکیٹس کے لیے دلالی کرتے ہیں۔یہی دونوں ڈاکٹر محمد باسط اور عمر راٹھور کے رہائشی انتظامات بھی سنبھالتے اور اُن کا کچن چلاتے ہیں۔ماہ اگست کے آخری دنوں میں ہی بدعنوان ٹولے کا ایک اور ملک دشمن اقدام سامنے آیا تھا۔جب انکشاف ہوا کہ نئے مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں بھارتی قیمتوں کے دباؤ اور ریگولیٹری رکاوٹوں کے باعث پاکستان کے باسمتی چاول کی برآمدات میں 43 فیصد کمی ہوا۔پاکستان کے چاول کے شعبے نے نئے مالی سال کا آغاز مخلوط رجحان کے ساتھ کیا تھا۔سرکاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2025 میں مجموعی طور پر چاول کی برآمدات میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا تاہم باسمتی چاول جو پاکستان کا ممتاز اور قیمتی برانڈ سمجھا جاتا ہے، کی برآمدات میں تشویشناک 43 فیصد کمی دیکھی گئی۔اعداد و شمار کے مطابق پاکستان نے جولائی 2025 میں 2 لاکھ 91 ہزار 902 ٹن چاول برآمد کیا، جو گزشتہ سال اسی مہینے کے 2 لاکھ 70 ہزار 2 ٹن کے مقابلے میں 21 ہزار 900 ٹن زیادہ ہے۔تاہم یہ اضافہ مکمل طور پر نان باسمتی چاول کی برآمدات میں اضافے کی وجہ سے ہوا، جو 60 ہزار 930 ٹن بڑھ کر 2 لاکھ 39 ہزار 562 ٹن تک پہنچ گیا۔دوسری جانب باسمتی چاول کی برآمدات 92 ہزار 541 ٹن سے گھٹ کر صرف 52 ہزار 339 ٹن رہ گئیں۔یہ نمایاں کمی برآمد کنندگان اور پالیسی سازوں کے لیے انتہائی تشویشناک قرار دی جا رہی ہے کیونکہ باسمتی چاول پاکستان کے لیے زرمبادلہ اور عالمی سطح پر برانڈ ویلیو کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ذرائع کے مطابق باسمتی برآمدات میں کمی خاص طور پر برطانیہ اور یورپی منڈیوں میں براؤن رائس کی فروخت میں کمی کے باعث سامنے آئی جبکہ سفید اور پیرا بوائلڈ چاول کی برآمدات عمان اور سعودی عرب جیسے روایتی خریدار ممالک میں کم ہوئیں۔زرعی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستانی چاول کا شعبہ رواں مالی سال میں شدید دباؤ کا شکار ہے۔عالمی منڈیوں میں بھارتی چاول بشمول دونوں باسمتی اور نان باسمتی اقسام، کم قیمتوں پر دستیاب ہیں۔بھارتی روپے کی 2.5 فیصد قدر میں کمی نے ان کی برآمدی قیمتیں مزید کم کردی ہیں، جس سے وہ عالمی منڈی میں مزید مقابلہ بازی کے قابل بن گئے ہیں۔تو دوسری جانب پاکستانی روپے کی قدر میں اضافہ برآمدی منافع کو گھٹا رہا ہے، جب کہ اس وقت مسابقتی ممالک تیزی سے مارکیٹ شیئر حاصل کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ برآمد کنندگان نے ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن (DPP) اور نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی (NAFSA) کی جانب سے غیر ضروری تاخیر، پابندیوں اور جانچ کے مراحل میں سستی پر بھی شدید تنقید کی ہے، جو برآمدی شپمنٹس میں تاخیر، آرڈرز کی منسوخی اور غیر ملکی خریداروں کے اعتماد میں کمی کا باعث بن رہی ہیں۔اگرچہ نان باسمتی چاول کی مانگ نے کچھ سہارا فراہم کیا ہے، مگر برآمد کنندگان خبردار کر رہے ہیں کہ اگر بھارت نے قیمتوں میں کمی جاری رکھی تو یہ رجحان بھی زیادہ دیر برقرار نہیں رہ سکے گا۔ان کا کہنا ہے کہ حکومت کو فوری طور پر پالیسی، نگرانی، اور برانڈنگ کے مسائل حل کرنے ہوں گے، ورنہ پاکستان اپنے روایتی باسمتی مارکیٹ شیئر سے محروم ہو سکتا ہے۔ذرائع کے مطابق ماضی کی تحقیقات نے بھی واضح کیا تھا کہ ڈی پی پی اور نیفسا میں غیر شفافیت، بدعنوانی اور سرخ فیتے نے پاکستان کی زرعی برآمدات خصوصاً آم اور چاول کو پہلے ہی ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا ہے۔قبل ازیں جون کے دوسرے ہفتے میں نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی (NAFSA) میں اس وقت ہلچل مچ گئی جب متنازعہ پیش رفت کے تحت ڈائریکٹر قرنطینہ (بی ایس-19) ڈاکٹر محمد اشفاق کو اُن کے عہدے سے ہٹا کر لاہور تعینات کر دیا گیا ہے، جہاں انہیں بطور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل (بی ایس-18) کے طور پر خدمات انجام دینا تھیں۔دوسری جانب نیفسا کے ہیڈ آفس کراچی میں بی ایس-17 کے جونیئر افسر ناصر احمد کو آموں کی برآمدات کا انچارج مقرر کر دیا گیا ہے۔انہیں آموں کی پروسیسنگ، مانیٹرنگ، اور فائیٹو سینیٹری سرٹیفکیٹ کے اجرا سمیت تمام امور دیکھنے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔اسی دوران، ڈاکٹر محمد باسط جو اس وقت ڈائریکٹر پیسٹی سائیڈز رجسٹریشن کے عہدے پر فائز تھے کو قرنطینہ ڈائریکٹر کا اضافی چارج دے دیا گیا ہے حالانکہ اُن کے خلاف پہلے ہی نااہلی اور بدعنوانی کے الزامات موجود ہیں۔یہ تنازعہ اُس وقت شدت اختیار کر گیا جب متین سسٹرز (Mateen Sisters) اپنے آموں کے ہاٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس (RMC اور Fresh Get) کی سالانہ منظوری حاصل کرنے میں ناکام رہیں۔ڈاکٹر اشفاق نے مطالبہ کیا تھا کہ منظوری سے پہلے وہ 15 میٹرک ٹن آموں کو 75 منٹ میں پراسیس کرنے کی صلاحیت عملی طور پر ثابت کریں اور درجہ حرارت و رفتار کا ڈیٹا لاگر سے براہ راست پرنٹ آؤٹ دکھائیں، جیسا کہ ویپر ہیٹ پلانٹ میں ہوتا ہے۔اشفاق نے اُن کے پسندیدہ انسپکٹرز کی ڈیپوٹیشن کی بھی مخالفت کی، جس کے بعد انہیں لاہور تبدیل کر دیا گیا۔ذرائع کے مطابق یہ اقدام متین سسٹرز اور اس وقت وزارتِ خوراک میں بطور جوائنٹ سیکریٹری تعینات ڈاکٹر سید بلال حیدر کے درمیان ایک مبینہ خفیہ معاہدے کا نتیجہ تھا، جس کے تحت مخصوص افسران کو اُن کے آموں کے پلانٹس پر تعینات کرنے اور نیفسا کے مانیٹرنگ سسٹم پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی گئی۔واضح رہے کہ بلال حیدر جو بزدار حکومت میں فرح گوگی کے قریبی ساتھی کے طور پر جانے جاتے تھے اب وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کے قریبی نمائندے تصور کیے جاتے ہیں۔اسی لیے جب فوڈ منسٹری کے ایڈیشنل سیکریٹری ساجد محمود قاضی (بی ایس-21) نے انہیں غیر قانونی سرگرمیوں سے باز رہنے کی ہدایت دی تو انہیں او ایس ڈی بنا دیا گیا۔جبکہ بلال حیدر نے براہِ راست سیکریٹری اور وزیر سے رابطہ کیا۔ناصر احمد، جنہیں اب آم ایکسپورٹ انچارج تعینات کیا گیا، ان پر بھی سنگین الزامات ہیں۔لاہور، اوکاڑہ، سرگودھا اور کراچی میں تعیناتی کے دوران وہ مبینہ طور پر ایجنٹس، فومیگیٹرز، درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان سے رشوت، ماہانہ ادائیگیاں اور بھاری کمیشن وصول کرتے رہے۔ان پر 2016 میں واہگہ بارڈر کے ذریعے بھارت سے کچے کیلے اور روئی کی غیر قانونی درآمد کی اجازت دینے کے الزامات بھی ہیں حالانکہ بھارتی کیلے پر "بنچی ٹاپ وائرس" اور "پناما ڈیزیز" کے خطرے کے باعث پابندی عائد تھی۔اسی طرح وہ غیر مجاز طور پر ملائیشیا سے ممنوعہ پھول درآمد کرنے اور لاہور ایئرپورٹ سے غیر معیاری چاول، پھل اور سبزیاں یورپی یونین اور برطانیہ کو برآمد کرنے میں بھی ملوث پائے گئے۔ذرائع کے مطابق انہوں نے متعدد فومیگیشن کمپنیوں اور آم پروسیسنگ پلانٹس کے جعلی آڈٹ اور سرٹیفکیٹ جاری کیے جن میں ستارہ ٹریڈرز، آر ایم سی، کے پی انٹرنیشنل، حیدر شاہ، عامر حمزہ، لطف آباد فارم، ایف بی مینگو پلانٹ اور دیگر شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق شفاز یہ متین نے مبینہ طور پر بلال حیدر کی مدد سے عمر فاروق گل، عبدالسمیع، عمر راٹھور اور محمد حنیف جیسے انٹومولوجسٹس کو آموں کی برآمدات پر تعینات کروایا، جبکہ ایماندار انسپکٹرز کو ہٹا دیا گیا۔ان اہلکاروں نے بغیر کسی آڈٹ کے متین سسٹرز کے پلانٹس کی 15 ٹن فی 75 منٹ کی صلاحیت کی منظوری دے دی اور بعد میں جعلی ٹریٹمنٹ و فائیٹو سینیٹری سرٹیفکیٹ جاری کیے۔حالانکہ پلانٹ کی اصل لمبائی صرف 120 فٹ ہے جو بمشکل 4 سے 5 ٹن آم 75 منٹ میں پراسیس کر سکتا ہے۔ایرانی معائنہ کاروں نے بھی انہی جعلی رپورٹس کی بنیاد پر یہی صلاحیت منظور کی تھی۔ذرائع کے مطابق اشفاق کے اصرار پر آڈٹ کے بعد متین سسٹرز نے خفیہ طور پر پلانٹ میں 40 فٹ کے اضافی ٹینک لگوانے کا عمل شروع کیا، جو نیفسا اور ایران دونوں سے اجازت کے بغیر جاری رہا۔متین سسٹرز نے مبینہ طور پر لندن میں مقیم ایجنٹ اسرار خان اور اُن کے ساتھی افضل بھٹی (جو وزیرِ اعظم کے سابق باورچی کے طور پر جانے جاتے ہیں) کی خدمات حاصل کیں تھیں تاکہ نیفسا سے اپنے معاملات طے کر سکیں۔بھٹی اور خان مبینہ طور پر وزارتِ خوراک اور نیف سا میں نگرانی کے قوائد نرم کروانے میں کامیاب ہو گئے تھے، جس سے متین سسٹرز کو ایران اور یورپ کو آم برآمد کرنے کی آزادی مل گئی گئی۔ذرائع کے مطابق یہ دونوں مختلف درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کو غیر قانونی منظوریوں، سرٹیفکیٹس اور کلیئرنس فراہم کرنے کے عوض بھاری رقم لیتے ہیں۔ایک پلانٹ کے لیے 5 کروڑ روپے، ایک جہاز کے لیے 1 کروڑ روپے اور ایک کنٹینر کے لیے 10 ہزار روپے تک ریٹ مقرر کیے گئے ہیں۔ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق مبینہ طور پر ایرانی صوبہ سیستان بلوچستان کے ایک کلیئرنگ ایجنٹ شیخ نے ایرانی پلانٹ پروٹیکشن آرگنائزیشن کی سربراہ مریم جلیلی مقدم کے ساتھ مبینہ طور پر گٹھ جوڑ کیا ہے، جس کے تحت صرف رزوان ٹریڈرز کوئٹہ کے ذریعے مخصوص پلانٹس کے آم ایران داخل کیے گئے تھے جبکہ دیگر پلانٹس کے آموں کو جعلی رپورٹوں کے تحت واپس بھیج دیا گیا تاکہ چند کمپنیوں کی اجارہ داری برقرار رہے۔نیف؟ سا میں اس ساری صورتحال نے سخت تشویش پیدا کر دی تھی۔دیگر پلانٹ آپریٹرز نے حکومت اور نیف سا سے شفاف اور غیر جانبدار ایس او پیز جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔اُنہوں نے خبردار بھی کیا تھا کہ اگر جعلی سرٹیفکیٹ کے ذریعے مخصوص پلانٹس کو ایران برآمدات کی اجازت دی گئی، تو وہ نیف سا اور وزارتِ خوراک و تحقیق کے دفاتر کے باہر احتجاج کریں گے۔یہ الزامات کے باعث نیفسا اور وزارتِ خوراک میں کرپشن اور اقربا پروری کے کلچر پر سنگین سوالات اٹھائے گئے، فروری 2025 کے دوران ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے خلاف تجارت نیوز کی تحقیقات کے دوران یہ انکشاف بھی ہوا کہ وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق (MNFS&R) محکمہ تحفظ نباتات (DPP) میں جاری بدعنوانی، جعلی بھرتیوں اور غیر قانونی تقرریوں کو روکنے میں بری طرح ناکام ہو گئی تھی جبکہ کراچی کوٹے کی اسامیوں میں بڑے پیمانے پر جعل سازی کے ذریعے بھرتیاں کی گئیں۔عمران علی نامی ایک اہلکار، جو دراصل خانیوال کا رہائشی ہے، نے 2015ء میں جعلی ڈومیسائل پر ضلع ملیر، کراچی کا رہائشی ظاہر کر کے نائب قاصد کی ملازمت حاصل کی۔اس کا بھائی اللہ یار 1995ء میں بطور لیبارٹری اسسٹنٹ بھرتی ہوا اور بعد ازاں مبینہ طور پر رشوت کے عوض زرعی ادویات کے نمونوں کے نتائج میں رد و بدل کرتا رہا۔متعدد شکایات کے باوجود وہ اپنی تعیناتی وفاقی پیسٹی سائیڈز ریفرنس ٹیسٹنگ لیبارٹری (FPRTL) کراچی میں کروانے میں کامیاب ہو گیا جہاں اس نے اپنی غیر قانونی سرگرمیاں مزید بڑھا دیں۔رپورٹس کے مطابق اللہ یار اور عمران علی نے کراچی میں جرائم پیشہ عناصر سے گٹھ جوڑ کر لیا اور رشوت، جعلی دستاویزات و غیر قانونی ترقیوں کے ذریعے مالی مفادات حاصل کیے۔عمران علی کو 2022ء میں جعلی کوائف کے باوجود جونیئر کلرک کے عہدے پر ترقی دی گئی، جس میں اس وقت کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد باسط کا کردار مرکزی تھا، جنہوں نے ان کے خلاف ہونے والی تحقیقات کو روک دیا۔سرکاری ریکارڈ کے مطابق عمران علی کا ڈومیسائل ضلع کورنگی کے پتے پر جاری ہوا جبکہ کاغذات میں ضلع ملیر درج ہے۔ڈپٹی کمشنر ملیر کے دفتر نے تصدیق کی کہ 2015ء میں ایسا کوئی ڈومیسائل جاری نہیں ہوا تھا۔اس کے باوجود اسے رجسٹریشن سیکشن میں تعینات کیا گیا، جہاں وہ زرعی ادویات اور قرنطینہ سے متعلق فائلوں کے معاملات رشوت کے عوض ''موبائل منی ٹرانسفر'' کے ذریعے نمٹاتا رہا۔ماضی میں کرپشن کے باعث معطل کیے جانے کے باوجود دونوں بھائی ڈاکٹر باسط کی مبینہ سفارش سے دوبارہ بحال ہو گئے تھے۔ایف آئی اے کے ریکارڈ کے مطابق انہوں نے ''غیر معیاری سویابین'' کی کھیپ کو 1.6 کروڑ روپے رشوت کے عوض کلیئر کیا۔تحقیقات میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ دونوں بھائیوں نے اپنی معمولی آمدن کے باوجود کروڑوں روپے کے اثاثے بنائے، جن میں رہائشی مکانات، واٹر فلٹریشن پلانٹ اور کرایہ داری کاروبار شامل ہیں۔ایف آئی اے، اینٹی کرپشن سیل اور سائبر کرائم سیل نے ان کی رشوت، جعلی کاغذات اور مالی بدعنوانی کے الزامات کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ذرائع کے مطابق واضح شواہد کے باوجود ان کے جعلی کاغذات کی باضابطہ جانچ اب تک نہیں کی گئی، جس کی وجہ ان کے وزارت اور وزیرِ اعظم آفس میں اثر و رسوخ کو قرار دیا گیا۔تو دوسری جانب ان کی لوٹ مار کو چھپانے کے لیے ماتحت ملازمین کو قربانی کی بکرا بنا دیا گیا۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

آف پاکستان کی رہنمائی میں تیار کیا گیا ہے۔ایس سی پی کے مطابق یہ اقدام سرمایہ کاروں میں آگاہی اور مالی شمولیت کو فروغ دینے کی ایک اہم پیش رفت ہے۔اس کا مقصد پاکستان کی نئی نسل میں بچت اور سرمایہ کاری کا رجحان پیدا کرنا، کم عمر افراد کو کیپیٹل مارکیٹ میں جلد شامل کرنا، مالی نظم و ضبط سکھانا اور باضابطہ سرمایہ کاری کے مواقع تک رسائی دینا ہے۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

پاکستان کے مطابق جولائی تا اکتوبر مالی سال 26ء کے دوران مجموعی طور پر 13.0 ارب ڈالر موصول ہوئے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملنے والی 11.9 ارب ڈالر ترسیلات سے 9.3 فیصد زائد ہیں۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

فائلرز کی مدد کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں، جو ملک بھر میں ٹیکس کے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل بنانے کی جاری مہم کا حصہ ہیں۔ایف بی آر نے بتایا کہ ٹیکس ایئر 2024 سے مینول ریٹرن جمع کرانے کا نظام ختم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

نے سینئر افسران کی نگرانی میں صبح کے ابتدائی اوقات میں منظم کارروائی کی، جس کا مقصد اسمگل اشیاء کو محفوظ مقام تک پہنچنے سے روکنا تھا۔کارروائی کے دوران کئی چھپائے گئے ٹینک اور عارضی سہولیات دریافت کی گئیں۔وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے مطابق ضبط شدہ ایندھن کو محفوظ رکھنے کے لیے کسٹمز اسٹیٹ ویئر ہاؤس، کورنگی منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

ہے۔پی ایم او کے مطابق محمد باقر اپنے وفد کے ہمراہ اسلام آباد میں وزیرِ اعظم سے ملاقات کے لیے آئے جہاں وزیرِ اعظم نے انہیں گرم جوشی سے خوش آمدید کہا۔وزیرِ اعظم نے دونوں ممالک کے درمیان عالمی سطح پر موجود تمام زیرِ التواء تنازعات کے حل کے لیے پرامن مذاکرات اور سفارت کاری کے راستے اختیار کرنے کے عزم کو دہرایا، وزیرِ اعظم نے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے لیے احترام کا اظہار کیا۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

تحت ورلڈ بینک سے، جبکہ 40 کروڑ ڈالر کا قرض "ایکسلیریٹنگ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائز ٹرانسفارمیشن پروگرام" کے تحت ایشیائی ترقیاتی بینک سے حاصل کر لیں گے۔موجودہ زرِ مبادلہ کے نرخ کے مطابق ایک ارب ڈالر تقریباً 281 ارب روپے کے برابر بنتے ہیں، جو نیا ہوائی اڈہ تعمیر کرنے یا سینکڑوں اسکول بنانے کیلئے کافی رقم ہے، تاہم یہ قرضہ جات بجٹ سپورٹ کے طور پر حاصل کیے جائیں گے اور ان سے کوئی نیا اثاثہ نہیں بنایا جائیگا۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کی جانب سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹ پر تین اور ایک سالہ منافع میں اضافہ کیا گیا ہے جبکہ تین ماہ کی مدت کا منافع 10.44 فیصد کر دیا گیا۔نوٹی فکیشن کے مطابق ایک سالہ مدت پر منافع 10.64 فیصد مقرر کیا گیا ہے، ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ کے منافع میں واضح کمی کی گئی ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

کمپنیوں نے از خود انسٹالیشن شروع کر دی۔ڈسکوز نے وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ انہیں وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت موصول ہوئی تھی جس کے بعد انہوں نے منصوبہ شروع کیا۔رپورٹ کے مطابق ایک سادہ میٹر کی قیمت پانچ ہزار روپے، جبکہ اے ایم آئی میٹر کی قیمت بیس ہزار روپے تک ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

خیر مقدم کیا جس کا مقصد وفاق اور صوبوں کے تعلقات کو مضبوط بنانا اور وسیع تر آئینی اصلاحات کو یقینی بنانا ہے۔کابینہ کی منظوری کے بعد یہ مسودہ پارلیمنٹ میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

کرنے کے باوجود نرخوں میں کمی نہیں ہو سکی ہے جبکہ گنے کی قیمت کے حوالے سے آباد گار اور شوگر ملز مالکان آمنے سامنے آ گئے ہیں۔جس سے نہ صرف گنے کی کرشنگ میں تاخیر ہوگی بلکہ چینی کے نرخوں میں بھی مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔قابل ذکر بات یہ ہے کہ آبادگاروں میں گندم کی امدادی قیمت میں 25 فیصد اضافہ کرنے کا مطالبہ کر دیا ہے تو دوسری جانب حکومت نے آئی ایم ایف کی شرائط کی روشنی میں گندم کے بعد گنے کی امدادی قیمت مقرر کرنے سے بھی انکار کر دیا ہے جبکہ چینی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے درآمد کیے جانے والی تقریباً ساڑھے تین لاکھ ٹن چینی کی ترسیل کا سلسلہ جاری ہے۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق حکومت ہول سیل مارکیٹ کو فی کلو 165 روپے 20 پیسے کے حساب سے چینی سپلائی کر رہی ہے۔ہول سیل مارکیٹ میں فی کلو چینی کے نرخ ایک 67 سے 168 روپے ہیں اس حساب سے صارفین کو فی کلوگرام چینی تقریباً 170 روپے تک ملنی چاہیے لیکن ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کے باعث مذکورہ درآمدی چینی بھی عام دکاندار 180 روپے فی کلو سے کم فروخت نہیں کر رہے ہیں۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق دلچسپ بات یہ ہے کہ زیادہ تر صارفین درآمدی چینی خریدنے میں دلچسپی نہیں رکھتے کیونکہ درآمدی چینی پاؤڈر کی طرح باریک ہے۔جس میں مٹھاس بھی کم ہوتی ہے جبکہ اس کی قیمت دانے دار چینی کے مقابلے میں عالمی منڈی میں بھی کم ہے۔ذرائع کا کہنا تھا کہ شوگر مل مالکان کے پاس بھی تقریباً ایک ماہ کی چینی کے ذخائر موجود ہیں اور مارکیٹ میں دانے دار چینی فی کلوگرام تقریباً 190 سے 210 روپے فی کلو تک دستیاب ہے۔ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ درآمدی چینی گھریلو صارفین کے بجائے مشروبات، بیکری آئٹمز، کافی اور اس نوعیت کی دیگر مصنوعات بنانے والی فیکٹریوں کو سپلائی ہو رہی ہے۔یہی وجہ ہے کہ چینی درآمد کرنے کے باوجود بھی اس کے نرخوں پر کوئی کنٹرول نہیں ہو سکا ہے۔علاوہ ازیں گزشتہ ہفتے شوگر ایڈوائزری بورڈ کے اجلاس میں حکومتی حکام نے یہ واضح کر دیا کہ گندم اور دھان کی طرح اب گنے کی امدادی قیمت بھی حکومت مقرر نہیں کرے گی اور اسے مارکیٹ میکنزم پر ہی چھوڑا جائے گا۔جس پر آبادگار خوش نہیں اور آنے والے دنوں میں گنے کے ابادکاروں کے احتجاج کا سلسلہ بھی شروع ہو سکتا ہے۔ذرائع کا اس ضمن مزید کہنا ہے کہ آبادگاروں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اب فی من گنے کی قیمت ساڑھے چار سو روپے نہیں چلے گی کیونکہ گنے کی فصل تیار ہونے تک ان کے زیادہ اخراجات ہوئے ہیں۔ذرائع کے مطابق ابادگاروں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ فی من گنا 600 روپے سے کم نرخوں پر شوگر ملوں کو سپلائی نہیں کریں گے۔جس کے لیے آبادگاروں کو یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر گنے کی کٹائی کے بجائے فی ایکڑ گنے کی فصل کو آدھی یوریا کی بوری ڈال کر اس میں پانی چھوڑ دیا جائے جس سے گنا جلدی نہیں سوکھے گا اور جب تک انہیں گنے کی مناسب قیمت نہیں ملے گی، اس وقت تک وہ گنے کی کٹائی نہیں کریں گے۔ذرائع کے مطابق گنے کی کرشنگ کا آغاز 30 اکتوبر سے ہونا چاہیے لیکن سندھ میں چلنے والی 34 شوگر ملوں میں سے اب تک صرف آٹھ ملوں نے ہی اپنے بوائلرز چلائے ہیں۔واضح رہے کہ بوائلر چلانے کے ایک ہفتے کے بعد ہی گنے کی کرشنگ شروع کی جا سکتی ہے اور اس صورتحال میں گنے کی مکمل کرشنگ کا آغاز 25 نومبر تک بھی ہوتا مشکل نظر آ رہا ہے۔کیونکہ آبادگار اگر گنا سپلائی نہیں کریں گے تو شوگر مل مالکان اسے کو جواز بنا کر کرشنگ میں مزید تاخیر کر سکتے ہیں۔ذرائع کے مطابق شوگر ملک مالکان سمجھتے ہیں کہ خصوصاً چھوٹے آبادگار گنے کی کٹائی میں زیادہ تاخیر برداشت نہیں کر سکیں گے اس لیے انہیں کم نرخوں پر ہی گنا سپلائی کرنا ہی پڑے گا دریں اثنا محکمہ زراعت سے وابستہ ذرائع کا کہنا ہے کہ گزشتہ سیزن کے مقابلے میں سندھ میں گنے کی پیداوار تقریباً 30 فیصد کم ہوئی ہے جس کا اثر چینی کی پیداوار پر بھی پڑے گا اور گنے کی قیمت میں اضافے سے چینی کے نرخ بھی مزید بڑھیں گے۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کے 308 کے تحت آپریٹ کر رہا تھا، اس کو انجن نمبر 1 کے ایگزاسٹ کون سلیو میں نقص کے باعث سروس سے نکال دیا گیا جس کے نتیجے میں پی کے 308/309 اور پی 451/452 منسوخ کر دی گئیں۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

ترقیاتی تعاون کے دوران ہوئی جس کی مشترکہ صدارت وزارت اقتصادی امور کے سیکرٹری حمیر کریم اور جرمنی کی وفاقی وزارت اقتصادی تعاون و ترقی کی ڈائریکٹر جنرل کرسٹین ٹوئٹسکے نے کی۔اس موقع پر جرمنی کی سفیر اینا لیپل اور جرمنی میں پاکستان کی سفیر ثقلین سیدہ بھی موجود تھیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

آر کی رپورٹ کے مطابق براہِ راست ٹیکس اب مجموعی جی ڈی پی کا 5.1 فیصد ہیں جبکہ سیلز ٹیکس کا حصہ 3.4 فیصد ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2024-25 کے دوران نفاذی اقدامات کے ذریعے 874 ارب روپے کی وصولی ہوئی جو گزشتہ مالی سال کے 105 ارب روپے کے مقابلے میں 8 گنا زیادہ ہے۔یہ اضافہ مخصوص مداخلتوں، ساختی تبدیلیوں اور گورننس اصلاحات کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

اتھارٹی نے کہا ہے کہ تمام فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے لیے 30 نومبر تک رجسٹریشن ہر صورت لازمی ہے جبکہ یکم دسمبر کے بعد کسی بھی غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹ یا ریسٹورنٹس کو کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

بازاروں میں بھی 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 600 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 22 ہزار 462 روپے کی سطح پر آ گئی۔اسی طرح فی 10 گرام سونے کی قیمت 514 روپے گھٹ کر 3 لاکھ 62 ہزار 193 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی سفارشات کے مطابق شفاف اور جدید قرضہ رپورٹنگ فریم ورک اپنایا ہے، جس کے تحت ششماہی قرضہ رپورٹس جاری کی جاتی ہیں اور مارکیٹ کے لیے پیش بینی کو یقینی بنانے کے لیے نیلامی کیلنڈر پر سختی سے عمل کیا جاتا ہے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

سے رہائش پذیر ہیں۔باقائدگی سے کرایہ اور بل ادا کرتے ہیں مگر اب کئی دہائیوں بعد بتایا جا رہا ہے کہ ہم یہاں غیر قانونی طور پر مقیم تھے۔قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ راتوں رات ہمارے گھر گرا دیے گئے ہیں اور کوئی متبادل جگہ بھی نہیں دی گئی۔متاثرین نے سوال کیا کہ اس سرد موسم میں اور مشکل ترین حالات میں ہم بزرگوں، خواتین اور معصوم بچوں کو لے کر کہاں جائیں۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

پر حیرت اور تشویش کا اظہار کیا۔یہ صورتحال سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنی (سیپکو) کی جانب سے مالی سال 2025-26 سے 2029-30 تک کے لیے تقسیم اور سپلائی ٹیرف کے تعین سے متعلق ملٹی ایئر ٹیرف درخواست پر عوامی سماعت کے دوران سامنے آئی۔سماعت اس وقت سخت رخ اختیار کر گئی جب بجلی چوری اور نادہندگان سے متعلق واجبات اور ڈیٹیکشن بلز کے معاملات زیر بحث آئے۔سیپکو کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اعجاز احمد چنہ نے اعتراف کیا کہ دیہی علاقوں میں ایسے صارفین کو ڈیٹیکشن بلز جاری کیے جا رہے ہیں جو کنڈوں کے ذریعے غیر قانونی طور پر بجلی استعمال کر رہے ہیں حالانکہ ان کے کنکشن یا میٹر منقطع ہو چکے ہیں۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔یہ پیش رفت کراچی میں منعقدہ پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس کے موقع پر مملکت سعودی عرب کے وزیر ٹرانسپورٹ و لاجسٹک سروسز انجینئر صالح بن ناصر الجاسر سے عبدالعلیم خان کی ملاقات کے دوران ہوئی۔ملاقات میں عبدالعلیم خان نے ٹرانسپورٹ، لاجسٹکس اور انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کے شعبوں میں سعودی عرب کے ساتھ تعاون کو مزید فروغ دینے کی پاکستان کی خواہش کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان اسٹریٹجک میوچل ڈیفنس ایگریمنٹ (ایس ایم ڈی اے) نے دونوں برادر ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط کیا ہے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے لیے ایک وسیع فریم ورک فراہم کیا ہے۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

کے مالی گوشواروں کا ان کی ظاہر کردہ آمدنی سے ڈیجیٹل موازنہ کر رہی ہیں۔اطلاعات کے مطابق ایف بی آر کا لائف اسٹائل مانیٹرنگ سیل سوشل میڈیا کے پلیٹ فارمز انسٹاگرام، فیس بک اور لنکڈ ان پر اپلوڈ کی گئی تصاویر، ویڈیوز اور مقام کے اعداد و شمار یعنی لوکیشن ٹیگز کی مدد سے ایسے شہریوں کا سراغ لگا رہا ہے جن کی آن لائن چمک دمک ان کے گوشواروں میں ظاہر کردہ آمدنی سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

ویزوں کی منسوخیاں تشدد، چوری اور نشے میں ڈرائیونگ کے مقدمات کی وجہ سے ہوئیں۔اہلکار نے بتایا کہ 16 ہزار ویزے نشے میں ڈرائیونگ اور 12 ہزار تشدد کے مقدمات کی وجہ سے منسوخ ہوئے۔امریکی اہلکار کے مطابق ویزا میعاد ختم ہونے اور قانون کی خلاف ورزی پر اگست میں 6 ہزار طلبہ کے ویزے منسوخ کیے۔خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ چارلی کرک پر حملے کے بعد اشتعال انگیز پوسٹ کرنے پر گزشتہ ماہ 6 ویزے منسوخ کیے گئے ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

یہ کروم بکس بیرونِ ملک برآمد کی جائیں اور اسمبلی لائن کو مزید توسیع دی جائے۔4 نومبر کو قائم ہونے والی یہ اسمبلی لائن گوگل فار ایجوکیشن کے مقامی پارٹنر ٹیک ویلی، نیشنل ریسرچ اینڈ ٹیکنالوجی کارپوریشن (این آر ٹی سی) اور آسٹریلوی کمپنی الائڈ کے اشتراک سے قائم کی گئی ہے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

طرزِ زندگی والے افراد۔تاہم اگرچہ دعویٰ ہے کہ یہ پانی اندرونی چربی کم کر سکتا ہے، مگر یہ معجزاتی حل نہیں ہے۔طرزِ زندگی اور غذائی عادات کا کردار بھی بہت اہم ہے۔اس طرح کے ''پروڈکٹس'' سے متعلق دعوے ہوتے ہیں مگر تمام افراد پر اس کا یکساں اثر ہو، اس کی ضمانت نہیں ہوتی۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

، جس سے 20 ارب روپے کی خالص (نیٹ) کمی ظاہر ہوتی ہے۔ذرائع نے مزید بتایا کہ آپریشنل چیلنجز خاص طور پر سیلاب جن کا اثر وصولیوں اور نقصانات پر پڑا کے باوجود ستمبر 2025 کے آخر تک گردشی قرضے میں مجموعی اضافہ 109 ارب روپے رہا جو پچھلے سال کی پہلی سہ ماہی کے مقابلے میں نمایاں طور پر کم ہے۔وزارت توانائی نے مزید بتایا کہ مالی سال 25-2024 کے لیے بجلی کے شعبے کے لیے مجموعی مختص رقم 1.288 ٹریلین روپے تھی جس میں پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) سے ملنے والی رعایت بھی شامل ہے۔مالی سال 26-2025 کے لیے ابتدائی ضرورت 1.261 ٹریلین روپے تھی، جس میں 182 ارب روپے اضافی آمدنی کے طور پر پی ڈی ایل سے حاصل کیے جانے تھے۔تاہم پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی رعایت اور معمول کی سبسڈیوں کو ہٹانے کے بعد حتمی مختص رقم کو کم کر کے 1.036 کھرب روپے (جی ڈی پی کا 0.8 فیصد) کر دیا گیا۔ذرائع نے وضاحت کی کہ اس کم مختص رقم کی وجہ سے صارفین کو 1.5 روپے فی یونٹ کا کم ری بیسنگ فائدہ منتقل نہیں کیا جا سکا۔اس کے بجائے، فی یونٹ 55 پیسے کا اضافہ کر دیا گیا۔ذرائع نے مزید بتایا کہ آئندہ بجٹ جائزے کے دوران یہ مختص رقم مزید کم ہو کر 893 ارب روپے رہنے کی توقع ہے۔حکام نے خبردار کیا کہ اگرچہ توانائی شعبے نے سرکلر قرض کے انتظام میں بہتری دکھائی ہے لیکن مالی دباؤ برقرار رہنے کی صورت میں حکومت کی جانب سے مقرر کردہ مالی اور کارکردگی کے اہداف حاصل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔5 نومبر 2025 کو پاور ڈویژن کے ایک ترجمان نے ان رپورٹس پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے جو مالی سال 26-2025 کی پہلی سہ ماہی میں گردشی قرضے میں 79 ارب روپے کے دوبارہ اضافے کا عندیہ دے رہی تھیں، اس دعوے کو ''گمراہ کن'' قرار دے کر مسترد کر دیا۔ترجمان نے وضاحت کی کہ 79 ارب روپے کے اضافے کو پس منظر میں دیکھنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال اسی سہ ماہی کے دوران گردشی قرضہ 73 ارب روپے بڑھا تھا، تاہم اس مالی سال کے اختتام تک گردشی قرضے کے مجموعی حجم میں 780 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی تھی۔انہوں نے سہ ماہی اضافے کی وجہ موسمی اور آپریشنل عوامل کو قرار دیا جن کے سال کے آخر میں الٹ جانے کی توقع ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ جولائی تا ستمبر 2025 پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں (ڈسکوز) کی غیر مؤثر کارکردگی میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 67 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی جو حکومت کے شعبے میں عملی کارکردگی بہتر بنانے اور مالی نظم و ضبط قائم رکھنے کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔ذرائع کے مطابق سرکلر قرض میں اس قسم کے عبوری اتار چڑھاؤ کا صارفین کے ٹیرف پر کوئی اثر نہیں پڑتا، جو کہ معیاری ریگولیٹری عمل کے تحت طے ہوتے رہتے ہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

او 2071(I)/2025 جاری کیا۔انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق G-236 ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز اور ہول سیلرز کو کی جانے والی فروخت پر ایڈوانس ٹیکس سے متعلق ہے جبکہ شق H-236 ریٹیلرز کو فروخت پر ایڈوانس ٹیکس کے نفاذ سے متعلق ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

کا نظام فراہم کرے گا۔وزارت کا کہنا ہے کہ یہ قدم معدنیات کے شعبے کی مخصوص نوعیت اور مختلف ادارہ جاتی تقاضوں کے پیشِ نظر ضروری ہے۔پاکستان قیمتی پتھروں کے ذخائر سے مالا مال ملک ہے، خصوصاً گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں زمرد، یاقوت، ایکوامیرین اور ٹوپاز جیسے قیمتی پتھر بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

کا عندیہ دیا ہے، جو 1,320 میگاواٹ پورٹ قاسم کول پاور پلانٹ میں اس کے ملکیتی شیئر ہیں۔ذرائع کے مطابق اس فیصلے سے باضابطہ طور پر حکومت کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔پورٹ قاسم پاور پراجیکٹ میں دو 660 میگاواٹ کے سپر کریٹیکل کول یونٹس شامل ہیں جو چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت تعمیر کیے گئے تھے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ ہے۔نئے میکنزم کے تحت پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) نے مشترکہ طور پر ایک جدید بک بلڈنگ نظام تیار کیا ہے جو ترمیم شدہ ریگولیشنز سے ہم آہنگ ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

شروع کرنے کی ہدایت دینے کا یقین دلایا۔صدر زرداری نے زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں بھی شراکت بڑھانے کی تجویز دی۔امیرِ قطر نے پاکستان کی ترقیاتی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستانی برادری کے قطر کی ترقی میں کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ آئندہ برسوں میں ان کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہو۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

ڈار نے پاکستان، عمان تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے جامع اور نتیجہ خیز حکمتِ عملی پر زور دیا جس میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، افرادی قوت کی برآمد اور میری ٹائم تعاون پر خصوصی توجہ دی گئی۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

خسارہ خطرناک حد تک بڑھ کر 12.6 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔اسٹیٹ بینک کے جاری عبوری اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 26-2025 کی پہلی چار ماہ (جولائی تا اکتوبر) میں مجموعی ترسیلات 12.96 ارب ڈالرز رہیں، جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 11.85 ارب ڈالرز کے مقابلے میں 9.3 فیصد زیادہ ہیں۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

پاکستانی عوام کو سستی مصنوعات میسر آئیں گی اور ان مصنوعات کی برآمدی صنعت کی ترقی سے زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا۔وزیرِ اعظم نے کہا کہ پاکستان کو ڈیجیٹل معیشت والا ملک بنانا ان کی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

واقعات دسمبر 2023 سے مئی 2024 کے دوران ویورسلین (Wuerselen) کے ایک اسپتال میں پیش آئے جو مغربی جرمنی میں واقع ہے۔تحقیقات کے مطابق، ملزم نرس 2007 میں نرسنگ کی تربیت مکمل کرنے کے بعد 2020 سے اسی اسپتال میں خدمات انجام دے رہا تھا۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ جب سے انہیں کیری کی میراتھون گیمنگ میں کامیابی سے متعلق علم ہوا تو اکثر سوچا کرتے تھے کہ کیری نے ایک دہائی قبل اب تک کا سب سے طویل سیشن کیسے کر لیا۔ریکارڈ بنانے کی اس کوشش کے دوران انہوں نے 3000 سے زائد گانوں پر ڈانس کیا۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

بڑی رکاوٹ ہیں۔ماہر نیچی نے مزید کہا کہ پاکستان کے لیے حال ہی میں منظور شدہ 1.4 ارب امریکی ڈالر کا منصوبہ، جو ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلیٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے تحت ہے، ملک کی اقتصادی لچک اور ماحولیاتی جھٹکوں کے مقابلے کی صلاحیت کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

شروع ہو گئے ہیں۔یہ بات انہوں نے اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) کے پرسپشن اینڈ انویسٹمنٹ سروے 2025 کے نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے کہی۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات شروع کیے گئے ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

فیصد، گائے کا گوشت 0.93 فیصد، تیار شدہ چائے 0.92 فیصد، پٹرول 0.91 فیصد، روٹی 0.55 فیصد، آٹا 0.34 فیصد، پاؤڈر دودھ 0.31 فیصد اور کھانے کے تیل (5 لیٹر بوتل) میں 0.21 فیصد اضافہ ہوا۔رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 51 اشیاء میں سے 18 کی قیمتوں میں اضافہ، 12 میں کمی اور 21 میں استحکام رہا۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

کرے گا؟۔انہوں نے کہا کہ ردِعمل کا دور ختم، اب پیشگی حکمرانی کا زمانہ ہے۔کورس کریکشن ناکامی نہیں بلکہ جرات، بلوغت اور جوابدہی کی علامت ہے۔سندھ پر بڑھتی شہری آبادی، آمدنی میں فرق اور موسمیاتی چیلنجز کا بوجھ ہے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

نے کہا کہ سیلز ٹیکس میں اضافے سے الیکٹرک وہیکل (ای وی) بائیکس کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا، جس کے نتیجے میں فروخت کم ہونے کا خدشہ ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ اس فیصلے سے حکومت اور صنعت دونوں اپنے اہداف حاصل نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔اپنے خطاب میں وزیرِ بحری امور نے پاکستان کی پہلی گرین شپ ریپئر اینڈ ری سائیکلنگ یارڈ کے قیام کا اعلان کیا، جو پورٹ قاسم پر قائم کی جائے گی۔

بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں صبح کے وقت آسمان پر نظر آنے والے رنگوں کا خوبصورت منظر

غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے لیے بڑی خبر

ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی کی یکم دسمبر سے اتھارٹی کو روزانہ کی بنیاد پر انسپکشنز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت میں غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے لیے رجسٹریشن مہم کا آغاز کیا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کا یکم دسمبر سے غیر رجسٹرڈ فوڈ پوائنٹس اور ریسٹورنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی نے کہا ہے کہ تمام فوڈ

سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوگئی

گزشتہ روز عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتیں کوئی ردوبدل نہ ہونے کی وجہ سے مستحکم تھیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوگئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج ہفتے کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 6 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے بعد فی عالمی قیمت 4 ہزار 001 ڈالر کی سطح پر آگئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی 24 قیراط

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ جاب پورٹل کا افتتاح کررہے ہیں

قرض ادائیگی کے اخراجات میں 500 ارب کی بچت کا امکان

پاکستان نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی سفارشات کے مطابق شفاف اور جدید قرضہ رپورٹنگ فریم ورک اپنایا ہے

قرضوں کے غیر محتاط استعمال نے معیشت کو نازک موڑ پر لا کھڑا کیا ہے، اور اب وقت آ گیا ہے کہ پارلیمنٹ قرض لینے کے عمل پر براہِ راست کنٹرول حاصل کرے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مالی سال 2025-26 میں قرضوں کی ادائیگی کے کم اخراجات اور مستحکم شرح سود کے باعث 500 ارب روپے تک کی بچت کی توقع کررہا ہے۔ وزارت خزانہ کے ڈائریکٹر جنرل (ڈیٹ) محسن مشتاق نے سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ پالیسی انسٹیٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی) کے زیر اہتمام منعقدہ سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ بیرونی قرضے سے متعلق عوامی قیاس آرائیاں نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہیں، اس لیے حساس مالی معلومات کے حوالے سے ذمہ دارانہ رویہ اپنانا ضروری ہے تاکہ مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال پیدا نہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے

اسلام آباد میں آپریشن کئی دہائیوں سے آباد ہزاروں افراد بے گھر ہوگئے

سی ڈی اے کے عملے نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر انعم فاطمہ کی سربراہی میں سید پور گاؤں میں بڑے پیمانے پر انہدامی آپریشن کیا

گزشتہ 60 برس سے رہائش پذیر ہیں، باقاعدگی سے کرایہ اور بل ادا کرتے ہیں مگر اب کئی دہائیوں بعد بتایا جارہا ہے کہ ہم یہاں غیر قانونی طور پر مقیم تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت کے دل میں واقع تاریخی گاؤں سید پور جو اپنی ثقافت، روایات اور خوبصورتی کے باعث سیاحوں کے لیے خاص کشش رکھتا ہے، آج تنازعے کا شکار ہے۔ حال ہی میں کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (جسے سی ڈی اے کے عملے نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر انعم فاطمہ کی سربراہی میں سید پور گاؤں میں بڑے پیمانے پر انہدامی آپریشن کیا، اس کارروائی کے دوران درجنوں گھر مسمار کردیے گئے، جن میں کئی وہ مکانات بھی شامل ہیں جہاں مقامی خاندان گذشتہ کئی دہائیوں سے آباد تھے، جو اس آپریشن کے باعث بے گھر ہوچکے ہیں۔ متاثرین کا کہنا تھا کہ ہم یہاں گزشتہ 60 برس سے رہائش پذیر ہیں۔ باقاعدگی

ٹرمپ انتظامیہ نے 80 ہزار غیر ملکیوں کے ویزے منسوخ کردیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹرمپ انتظامیہ نے جرائم میں ملوث 80 ہزار تارکین وطن کے ویزے منسوخ کردیے۔ سینئر امریکی اہلکار کے مطابق زیادہ تر ویزوں کی منسوخیاں تشدد، چوری اور

سوشل میڈیا پر دولت کی تشہیر کرنے والوں کے خلاف ٹیکس شکنجہ تیار

خفیہ سیل کی ٹیمیں ان افراد کے مالی گوشواروں کا ان کی ظاہر کردہ آمدنی سے ڈیجیٹل موازنہ کررہی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس نادہندگان اور کم ٹیکس ادا کرنے والوں کے خلاف اپنے خفیہ سیل کے ذریعے ملک گیر کارروائیوں کا باقاعدہ آغاز کردیا ہے۔ اور سوشل میڈیا پر اپنے شاہانہ طرز زندگی کی تشہیر کرنے والے ریڈار پر آچکے ہیں۔ خفیہ سیل کی ٹیمیں ان افراد کے مالی گوشواروں کا ان کی ظاہر

پاکستان کی سعودی عرب کو لاجسٹکس نیٹ ورک منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت

سعودی عرب کے وزیر ٹرانسپورٹ صالح بن ناصر الجاسر سے عبدالعلیم خان کی ملاقات کے دوران ہوئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے مملکتِ سعودی عرب کو پاکستان کے بڑے موٹروے اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے، ان کے مطابق ملک کے بڑھتے ہوئے ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس نیٹ ورک میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود

پیمرا نے تقسیم کار کمپنیوں کے حکام کی اہلیت پر تشویش کا اظہار کردیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کے اعلیٰ حکام کی پیشہ ورانہ اہلیت اور ان کے انتظامی طرز عمل پر حیرت اور تشویش کا اظہار

گوگل پاکستان میں رجسٹر باقاعدہ آغاز جلد ہوگا، شزہ فاطمہ

سالانہ 5 سے 6 لاکھ کروم بکس پاکستان میں تیار کی جائیں گی جس سے براہ راست روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

میٹا لاما (Llama) کو اردو میں لانچ کردیا گیا ہے، جو چند ممالک کو ہی فراہم کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونی کیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ عالمی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل نے پاکستان میں اپنی رجسٹریشن مکمل کرلی ہے اور جلد ہی ملک میں اپنا پہلا دفتر قائم کرے گی جبکہ ہری پور میں گوگل کروم بک کی مقامی تیاری کا باقاعدہ آغاز بھی ہوچکا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے بتایا کہ گوگل نے پاکستان میں قدم رکھ دیا ہے اور رجسٹریشن کے بعد یہاں باقاعدہ آپریشنز شروع کرنے جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہری پور میں کروم بک کی مقامی اسمبلی لائن کا م شروع کرچکی ہے۔ شزہ فاطمہ کے مطابق سالانہ 5 سے 6 لاکھ کروم بکس پاکستان میں تیار کی جائیں گی، جس سے ٹیکنالوجی کی منتقلی، جدید عملی طریقوں کا فروغ اور براہ راست روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا ہدف ہے کہ مستقبل میں یہ کروم بکس بیرون ملک برآمد

محکمہ تعلیم لوئر اسٹاف ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف احتجاج کررہے ہیں

جاپانی کمپنی نے پیٹ کی چربی ختم کرنے والا پانی متعارف کرادیا

یہ خاص طور پر اُن افراد کے لیے ہے جنہیں پیٹ کی چربی جمع ہونے کا مسئلہ ہے، غذائی سپلیمنٹ

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپانی کمپنی Suntory نے ایک ایسا 'فنکشنل واٹر' متعارف کرایا ہے جو پیٹ کی چربی کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ اس پانی میں HMPA نامی ایک مالیکیول شامل ہے جو چاول کے بھوسے کے تخمیر سے بنتا ہے۔ یہ پروڈکٹ جاپان کے قانون کے تحت منظور شدہ ہے، یعنی اسے صحت سے متعلق فوائد کے ساتھ تشہیر کرنے کی اجازت ہے۔ یہ خاص طور پر اُن افراد کے لیے ہے جنہیں پیٹ کی چربی جمع ہونے کا مسئلہ ہے، جیسے دفتر میں کام کرنے والے اور غیر مستحکم طرز زندگی والے افراد۔ تاہم

ٹوانائی شعبے کے لیے مختص رقم میں 23 فیصد کمی کا امکان

مالی سال 25-2024 کے لیے بجلی کے شعبے کے لیے مجموعی مختص رقم 1.288 ٹریلین روپے تھی جس میں پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی (پی ڈی ایل) سے ملنے والی رعایت بھی شامل ہے

مالی سال 26-2025 کے لیے ابتدائی ضرورت 1.261 ٹریلین روپے تھی، جس میں 182 ارب روپے اضافی آمدنی کے طور پر پی ڈی ایل سے حاصل کیے جانے تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) باخبر ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن نے وزیر اعظم آفس کو آگاہ کیا ہے کہ موجودہ مالی سال کے لیے بجلی کے شعبے کے مختص رقم میں مزید 23 فیصد کمی متوقع ہے جس کے بعد یہ رقم بجٹ میں رکھے گئے 1.261 کھرب روپے سے کم ہوکر 893 ارب روپے رہ جائے گی۔ یہ وضاحت وزیر اعظم کے دفتر کو اس کی جانب سے توانائی شعبے میں سرکلر قرض کے موجودہ اسٹاک اور رجحان کے حوالے سے کیے گئے استفسار کے جواب میں فراہم کی گئی۔ ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن نے بتایا کہ قرضی قرضے سے متعلق حالیہ رپورٹس موجودہ صورتحال کی صحیح عکاسی نہیں کرتیں۔ جولائی سے اگست 2024 کے دوران، گردشی قرضے میں 87 ارب روپے کا اضافہ ہوا تھا تاہم 2025 میں اسی مدت کے دوران موثر اقدامات کے نتیجے میں 107 ارب روپے کی بہتری آئی، جس سے 20 ارب روپے کی

ایک سے پانچ لاکھ تک ودہولڈنگ ٹیکس کیلئے FBR نظام سے منسلک ہونا لازمی قرار

انکم ٹیکس آرڈیننس ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز اور ہول سیلرز کو کی جانے والی فروخت پر ایڈوانس ٹیکس سے متعلق ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ایسے ڈسٹری بیوٹرز اور ریٹیلرز کے لیے کاروبار کو ایف بی آر کے نظام سے منسلک کرنا لازمی قرار دے دیا ہے۔ جن پر ماہانہ قابل کٹوتی ودہولڈنگ ٹیکس کی رقم بالترتیب ایک لاکھ روپے (ڈسٹری بیوٹرز کے لیے) اور پانچ لاکھ روپے (ریٹیلرز کے لیے) سے تجاوز کر جاتی ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے ایس آر او 2071(I)/2025 جاری

وزارت تجارت نے منرلز ڈویژن کے قیام کی حمایت کردی

غیر منظم کان کنی اور غیر پروسیسنگ کے خام پتھروں کی برآمدات کے باعث یہ شعبہ اپنا مکمل استعداد کے مطابق ترقی نہیں کرسکا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں قیمتی پتھروں کے شعبے کی ترقی اور معدنی وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے وزارت تجارت نے ایک علیحدہ ''منرلز ڈویژن'' کے قیام کی حمایت کی ہے جو پیٹرولیم ڈویژن کی طرز پر وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور نگرانی کا نظام فراہم کرے گا۔ وزارت کا

شہر کراچی میں تیز ہواؤں کے دوران موٹر سائیکل سوار ماسک لگائے جارہے ہیں

قطری گروپ کا پورٹ قاسم میں حصص فروخت کرنے کا فیصلہ

غیر ملکی سرمایہ کاری کا انخلا جاری، متعدد بین الاقوامی کمپنیاں اپنے حصص فروخت کررہی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اس وقت غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں شدید کمی کے بحران سے دوچار ہے، جس کی بنیادی وجوہات معاشی بدحالی اور پالیسی کی غیر یقینی صورتحال ہیں۔ متعدد بین الاقوامی کمپنیاں یا تو اپنے حصص فروخت کررہی ہیں یا مکمل طور پر پاکستانی مارکیٹ سے نکلنے کا فیصلہ کرچکی ہیں۔ اب قطر کے الثانی گروپ نے بھی اپنی 49 فیصد حصص فروخت کرنے کا عندیہ دیا ہے، جو 1,320

SECP نے نئے بک بلڈنگ میکنزم کیلئے مشترکہ طریقہ کار کی منظوری دے دی

نئے نظام کا نفاذ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں اہم سنگ میل قرار دیا جارہا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پبلک آفرنگ ریگولیشنز 2017 میں حالیہ اہم ترامیم کو حتمی شکل دے دی گئی ہے اور ابتدائی عوامی پیشکشوں (آئی پی اوز) میں بک بلڈنگ کے لیے مکمل ڈھانچہ اور طریقہ کار وضع کردیا گیا ہے۔ اس نئے نظام کا نفاذ پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا جارہا ہے۔ یہ نظام منصفانہ قیمت کے تعین، شفافیت میں بہتری، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے اور مارکیٹ میں زیادہ شمولیت و کارکردگی کے فروغ کے لیے ایس ای سی پی کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ

کراچی: سیکرٹری کالج ایجوکیشن ندیم میمن افسران کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

ترسیلات میں اضافہ اور بڑھتا تجارتی خسارہ، ماہرین نے معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی بجادی

وزیر اعظم نے صورتحال سے نمٹنے کے لیے توانائی، ٹیکس اور برآمدات کے حوالے سے 8 ورکنگ گروپس تشکیل دے دیے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اوورسیز پاکستانیوں نے اکتوبر 2025 میں 3.42 ارب ڈالرز وطن بھیجے جو گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 11.9 فیصد زائد ہیں، اس اضافے نے پاکستان کے کمزور بیرونی کھاتوں کو وقتی سہارا دیا ہے تاہم بڑھتی درآمدات کے باعث تجارتی خسارہ خطرناک حد تک بڑھ کر

پاکستان میری ٹائم ایکسپو میں 76 ارب روپے کے معاہدے

یونٹ کے دوران قومی اور بین الاقوامی نمائش کنندگان کے درمیان 83 مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط کیے گئے

نمائش میں 178 اداروں نے حصہ لیا، جن میں سے 28 بین الاقوامی اور 150 مقامی تنظیمیں شامل تھیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس 2025 کراچی میں اختتام پذیر ہوگئی، جس کے ساتھ چار روزہ اسٹریٹیجک مکالمے، تجارتی تعاون اور بین الاقوامی روابط کا سلسلہ مکمل ہوا، جن کا مقصد پاکستان کی بحری صلاحیتوں کو فروغ دینا اور بلیو اکانومی کے وژن کو آگے بڑھانا تھا۔ یہ ایونٹ پاکستان نیوی کی زیر سرپرستی اور وزارت بحری امور کے اشتراک سے منعقد کیا گیا۔ پی آئی ایم ای سی کے اس دوسرے ایڈیشن میں مقامی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں شرکت دیکھنے میں آئی، جو پاکستان کی خطے میں بڑھتی ہوئی بحری اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری اختتامی تقریب کے مہمانِ خصوصی

یورپی گیمر نے 144 گھنٹوں تک گیم کھیل کر ریکارڈ قائم کردیا

اس سے قبل امریکا کی گیمر نے 138 گھنٹے اور 34 سیکنڈ تک 'جسٹ ڈانس' نامی گیم کھیل کر بنایا تھا

ہنگری (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی ملک ہنگری سے تعلق رکھنے والے ایک گیمر نے 144 گھنٹوں تک مشہور گیم 'ڈانس ڈانس ریوولوشن' کھیل کر گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا۔ 34 سالہ زیبولس سیپ (عرف گراس ہوپر) نے طویل ویڈیو گیم میراتھون کے ساتھ کسی ریدک گیم ٹائٹل پر طویل ویڈیو میراتھون کرنے کا بھی ریکارڈ اپنے نام کیا۔ اس سے قبل امریکا کی گیمر کیری سوئیڈ یکی نے 2015 میں 138 گھنٹے اور 34 سیکنڈ تک 'جسٹ ڈانس' نامی گیم کھیل کر بنایا تھا۔ زیبولس سیپ کا گنیز ورلڈ ریکارڈ سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا

کام کا بوجھ کم کرنے کیلئے نرس نے 10 مریضوں کو غلط انجکشن لگا کر موت کی نیند سلادیا

ملزم کو 2024 میں گرفتار کیا گیا تھا اور اسے فیصلے کے خلاف اپیل کا حق حاصل ہے

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی میں ایک پالی ایٹو کیئر نرس کو 10 مریضوں کے قتل اور 27 دیگر کے قتل کی کوشش کے جرم میں عمر قید کی سزا سنادی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق، استغاثہ نے عدالت کو بتایا کہ نرس نے زیادہ تر بزرگ مریضوں کو سکون آور اور درد کم کرنے والی ادویات کی زیادہ مقدار کے انجکشن اس لیے لگائے تاکہ رات کی شفٹوں میں کام کا بوجھ کم کرسکے۔ یہ خوفناک واقعات دسمبر 2023 سے مئی

صدر آصف زرداری اور امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کی دوحہ میں ملاقات

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر آصف علی زرداری اور امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی نے دوحہ میں ملاقات کے دوران سیاسی، معاشی اور ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں صدر پاکستان نے دفاع اور دفاعی پیداوار کے شعبوں میں تعاون کے فروغ کی پیشکش کی، جس پر امیر قطر نے مثبت ردِعمل دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو پاکستان کے ساتھ فوری مشاورت شروع کرنے کی ہدایت دینے

اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس، جے ایم سی کے ایجنڈے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈپٹی وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں آئندہ ہفتے ہونے والے پاکستان، عمان جوائنٹ منسٹریل کمیشن (جے ایم سی) کے آٹھویں اجلاس کے لیے پاکستان کے ایجنڈے کو حتمی شکل دینے کے لیے بین الوزارتی اجلاس کی صدارت کی۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ اجلاس میں دوطرفہ تعاون کے تمام اہم شعبوں میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اسحاق ڈار نے پاکستان، عمان

وزیر اعظم کی گوگل کے پاکستان کی پالیسیوں پر اعتماد کی تعریف

مقامی تیاری سے پاکستانی عوام کو سستی مصنوعات میسر آئیں گی اور ان مصنوعات کی برآمدی صنعت کی ترقی سے زرمبادلہ میں اضافہ ہوگا

وفاقی حکومت ایک لاکھ باصلاحیت نوجوانوں کو لیپ ٹاپس فراہم کرکے انہیں اس شعبے میں ترقی کیلئے وسائل فراہم کررہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان میں گوگل کی جانب سے دفاتر کے قیام اور سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار نے خیبر پختونخوا کے ہری پور میں پاکستان کی پہلی گوگل کروم بک اسمبلی لائن کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہری پور میں گوگل مصنوعات کیلئے اسمبلی لائن کا قیام خوش آئند پیش رفت ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گوگل جیسی بین الاقوامی آئی ٹی کمپنیاں پاکستان میں کاروباری سہولت اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے حکومت کی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی مصنوعات کی مقامی تیاری سے پاکستانی عوام کو سستی مصنوعات میسر

جامعہ کراچی کے عقب میں موجود جھاڑیوں میں آگ لگی ہوئی ہے

سیلز ٹیکس ایک فیصد سے 18 فیصد کرنے پر الیکٹرک وہیکل مینوفیکچررز کا اظہار تشویش

اس فیصلے سے حکومت اور صنعت اپنے اہداف حاصل نہیں کرسکیں گے، ماحولیاتی آلودگی میں کمی کی کوشش بھی متاثر ہوگی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) مقامی الیکٹرک وہیکل اینڈ موٹر بائیک مینوفیکچررز نے ای وی بائیکس پر سیلز ٹیکس ایک فیصد سے بڑھا کر اٹھارہ فیصد کرنے کے حالیہ فیصلے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے اس فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست کی۔ وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کے ساتھ ملاقات کے دوران مقامی صنعت کے نمائندوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس میں اضافے

صوبے میں ہی نوجوانوں کی کامیابی کیلئے نظام بنا رہے ہیں، مراد علی شاہ

کراچی پاکستان کی معیشت، تخلیق اور استقامت کی دھڑکن ہے، مصنوعی ذہانت اور موسمیاتی تبدیلی عالمی نقشے بدل رہی ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں ایسا نظام بنا رہے ہیں جہاں نوجوانوں کو کامیابی کے لیے صوبہ نہ چھوڑنا پڑے۔ مقامی ہوٹل میں کورس کریشن "نئی سمت کا تعین" کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ کراچی پاکستان کی معیشت، تخلیق اور استقامت کی دھڑکن ہے۔ مصنوعی ذہانت اور موسمیاتی تبدیلی عالمی نقشے بدل رہی ہیں، سوال یہ ہے کہ سندھ ردِعمل دکھائے گا یا نئی سمت متعین کرے گا؟ انہوں نے کہا کہ

عدالتوں اور ٹریبونلز کے ملازمین کی بحالی کیلئے مظاہرہ کررہے ہیں

غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان کی معاشی بحالی کا نوٹس لے رہے ہیں، خرم شہزاد

اس وقت 73 فیصد غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان کو سرمایہ کاری کیلئے موزوں ملک قرار دے رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کار پاکستان کی معیشت پر دوبارہ اعتماد کا اظہار کررہے ہیں کیونکہ حکومت کی جانب سے کی جانے والی بنیادی ساختی اصلاحات اور اخراجات میں کمی کے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں۔ یہ بات انہوں

پاکستان ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 15 فیصد تک بڑھائے، آئی ایم ایف

غیر مؤثر توانائی کا شعبہ اور خسارہ دینے والی سرکاری کمپنیاں (ایس اوایز) پاکستان کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں

آر ایس ایف پاکستان کے جاری ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے ساتھ متوازی طور پر کام کررہا ہے، جو تین سالہ ساختی اصلاحاتی پروگرام ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف کے پاکستان میں مقیم نمائندہ ماہر چیچی نے کہا ہے کہ پاکستان کو اپنے اقتصادی اور ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنجز پر قابو پانے کے لیے ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 15 فیصد تک بڑھانے کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے 28 ویں پائیدار ترقی کانفرنس کے موقع پر سیمینار ''ابھرتی ہوئی دنیا میں پائیدار ترقی کی مالی معاونت'' کے دوران کہی، جس کی میزبانی پائیدار ترقی پالیسی انسٹی ٹیوٹ (ایس ڈی پی آئی) نے کی۔ آئی ایم ایف کے نمائندے نے کہا کہ محدود ٹیکس اور برآمدی بنیاد، غیر مؤثر توانائی کا شعبہ اور خسارہ دینے والی سرکاری کمپنیاں (ایس اوایز) پاکستان کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ ماہر چیچی نے

کراچی: شرجیل انعام میمن محکمہ ٹرانسپورٹ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
info@tijaratnews.tv
0307-0610770

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا